Khabr-o-Nazar

News & Views

April-May 2009

خبر و نظر



Table of Contents

فهرست مضامين

3 The Editor's Corner
گوشہ مدیر

4 Khabr Chat
قارئین کی آراء

5 Looking for Answers
جواب کی تلاش

6 President Obama,s Vision of Change (Winning Articles)
صدر اوبامہ کا تبدیلی سے متعلق تصور (انعام یافتہ مضامین)

8 Obama Makes Climate Change a National Priority
اوبامہ نے موسمیاتی تبدیلی کو قومی ترجیح قرار دے دیا

11 What Is Earth Day?
یوم اِرض کیا ہے؟

14 World Tuberculosis Day
تپ دق کا عالمی دن

16 Celebrating 'Arbor Day'
یوم آربر

18 Bridging the Digital Divide
کمپیوٹر ٹیکنالوجی تک رسائی کی خلیج پاٹنے کی کوشش

20 World Wetlands Day 2009.
دلدلی علاقوں کا دن۔2009

21 American Diplomat Visits NICH on World Tuberculosis Day
امریکی سفارتکاروں کا تپ دق کے عالمی دن کے موقع پر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ کا دورہ

Monthly Columns

ماهانه كالمز

22 Book of the Month
منتخب کتاب

23 Alumni Connect
دیرینہ تعلق

26 Seize the Opportunity
موقع سے فائدہ اُٹھایئے ۔فلبرائیٹ اسکالرشپ مقابلہ 2010ء

28 Visit the 50 States
پچاس ریاستوں کی سیر

32 One Success at a Time
کامیابی کی داستان

34 Ask the Consul
قونصل سے پوچھیے

35 Videography
وڈیوگرافی

News & Views

Khabr-o-Nazar

خبر و نظر

Issue No:3 | شمارہ نمبر: ۳

Editor-in-Chief | ...یٹر ان چیف

Lou Fintor

Press Attaché and

Country Information Officer

U.S. Embassy Islamabad

Managing Editor | ...یجنگ ایڈیٹر

Jeremiah Knight

Assistant Information Officer

U.S. Embassy Islamabad

Cultural Editor | ...لچرل ایڈیٹر

Leslie Philips

Assistant Cultural Affairs Officer

U.S. Embassy Islamabad

Published by | ...ائع کردہ

Public Affairs Section

Embassy of the

United States of America

Ramna-5, Diplomatic Enclave

Islamabad. Pakistan

Phone: 051-2080000 | 051-2080000

Fax: 051-2278607 | 051-2278607

Email: infoisb@state.gov ....

Website: http//islamabad.usembassy.gov ....

Designed by

Saeed Ahmed

Front Cover | ...رورق

An autumn sunsets drapes El Capitan and the Yosemite valley with warm light in Yosemite National Park in this Oct. 21, 1997 file photo. (AP Photo/Ben Margot, File)

...ال کیپٹن اور وادی یوزمائیٹ میں موجود نیشنل پارک میں خزاں کے غروب آفتاب کا منظر۔

(AP Photo/Ben Margo, File)

Back Cover | ...سِ ورق

A sole plant grows out of a dry lake bed in Carpineni, Moldov[a] Tuesday, April 22, 2008. Moldova, the poorest country in Europe, has suffered droughts in four of the past five years and low rainfall over the past three years have led to severel[y] diminished harvest in Moldova, which relies on agriculture fo[r] 70 percent of its GDP. (AP Photo/John McConnico)

مالدووا میں کارپینینی کے مقام پر خشک سالی کا شکار جھیل کی خشک مٹی میں اگنے

...لا اکلوتا پودا۔ مالدووا، یورپ کا غریب ترین ملک گزشتہ پانچ برسوں کے دوران چار بار

خشک سالی کا شکار ہو چکا ہے جس سے اس کی فصلیں بری طرح متاثر ہوئی ہیں جبکہ اس

کی مجموعی پیداوار کا 70 فیصد زراعت سے حاصل ہوتا ہے۔

(AP Photo/John McConnico)

گوشۂ مدیر

the editor's corner

Dear Readers:

The April edition of Khabr-o-Nazar focuses on a theme that affects all of us. Preserving and protecting the environment is a challenge not only for nations but also for the individual. On April 22 each year for more than three decades, Americans have observed Earth Day to celebrate the complexity and diversity of the Earth's natural resources and to take stock of their stewardship of nature's gifts. The commemoration of Earth Day encourages and celebrates achievements that improve the quality of our communities, parks, rivers, lakes, and private and public lands. Earth Day has become an international celebration that highlights the importance of preserving our environment for the next generation.

April's feature stories cover: the history of Earth Day, the newly appointed special U.S. Envoy for Climate Change and a message from Ambassador Patterson highlighting the importance of World Tuberculosis Day. We are also very pleased to have received a large number of responses to our "Question of the Month." As promised, the two winning essays are included in this month's Khabr-o-Nazar as well as three honorable mentions. You will also notice that in this month's "Seize the Opportunity" column, we have again highlighted the Fulbright Scholarship. The Fulbright Scholarship is one of the most prestigious U.S. Government sponsored scholarship programs. We strongly encourage all those that qualify to apply.

Once again, we thank you for your continued support of the Khabr-o-Nazar magazine. We always welcome and enjoy your comments and look forward to hearing from you.

Lou Fintor
Editor-in-Chief and Press Attaché
US Embassy Islamabad
E-mail: infoisb@state.gov
Website: http//Islamabad.usembassy.gov

محترم قارئین:

خبرونظر کے اپریل کے شمارے میں ایسے موضوع پر توجہ دی گئی ہے جس سے ہم سب متاثر ہوتے ہیں۔ ماحول کا تحفظ نہ صرف قوموں بلکہ افراد کیلئے ایک چیلنج ہے۔ امریکیوں نے تین عشروں سے زیادہ عرصے سے کرہ ارض کے فطری وسائل کی پیچیدگی اور تنوع کی اہمیت اجاگر کرنے اور قدرت کی طرف سے عطا کئے گئے ان تحائف کو محفوظ بنانے کے طریقوں پر غور کیلئے ہر سال 22 اپریل کو یوم الارض منایا ہے۔ یہ دن منانے سے ہمارے معاشروں، پارکوں، دریاؤں، جھیلوں اور نجی اور سرکاری اراضی کا معیار بہتر بنانے کی کوششوں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے اور اس سلسلے میں حاصل ہونے والی کامیابیوں پر خوشی کا اظہار کیا جاتا ہے۔ یوم الارض اب ایک عالمی دن بن گیا ہے اور اس موقع پر آئندہ کی نسلوں کیلئے ہمارے ماحول کو محفوظ بنانے کی اہمیت اجاگر کی جاتی ہے۔

اپریل کے شمارہ میں یوم الارض کی تاریخ، موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں مقرر کئے گئے امریکہ کے نئے نمائندہ کے بارے میں مضمون اور سفیر پیٹرسن کا ایک پیغام شامل کیا گیا ہے جس میں عالمی یوم تپ دق کی اہمیت اجاگر کی گئی ہے۔ ہمیں "اس ماہ کا سوال" پر بہت زیادہ ردعمل حاصل کر کے بے حد خوشی ہوئی ہے۔ وعدے کے مطابق اس ماہ کے خبرونظر میں جیتنے والے دو مضامین شامل کرنے کے علاوہ دیگر تین اچھے مضامین کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ آپ یہ بھی دیکھیں گے کہ اس ماہ کے "موقع سے فائدہ اٹھایئے" کالم میں ہم نے فل برائیٹ سکالرشپ کو پھر اجاگر کیا ہے۔ امریکی حکومت کے زیر اہتمام وظائف کے پروگراموں میں فل برائیٹ سکالرشپ انتہائی باوقار ہے۔ ہم ان تمام افراد سے، جو اس کے تقاضوں پر پورا اترتے ہوں، کہیں گے کہ وہ اس کے لئے درخواست دیں۔

خبرونظر میگزین کی مسلسل تائید پر ہم ایک بار پھر آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ہم آپ کی آراء کا خیر مقدم کرتے ہیں، ان سے محظوظ ہوتے ہیں اور ان کے منتظر ہیں۔

لو فنٹر
ایڈیٹرانچیف و پریس اتاشی
سفارتخانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ، اسلام آباد
ای میل: infoisb@state.gov
ویب سائٹ: http//Islamabad.usembassy.gov

قارئین کی آراء

"Responses from our readers"

Khabr Chat

I am pleased to receive the January-February issue of Khabr-o-Nazar magazine. I found It interesting and went through a number of articles. It's very informative for those people who want to know about the American history, politics, way of life and other institutions. The latest issue was much improved as a result of some impressive segments. The articles regarding Marthin Luther King Jr. and President George Washington are indeed well-written which highlight the lives, struggle and achievements of these great American leaders. The magazine is a potential source of building a very positive and soft image of the United States among the people of Pakistan.

Himayatullah Yaqubi
(Islamabad)

جنوری فروری کا شمارہ پا کر بہت خوشی ہوئی۔ رسالہ بہت دلچسپ تھا اور میں نے کئی ایک مضامین کا مطالعہ کیا۔ یہ رسالہ خاص کر ان افراد کے لئے بہت معلوماتی ہے جو امریکی تاریخ، سیاست، معاشرت اور اداروں کے متعلق جاننے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ چند متاثر کن تبدیلیوں کے سبب تازہ شمارہ بہت بہتر تھا۔ مارٹن لوتھر کنگ اور جارج واشنگٹن سے متعلق مضامین بہترین طرزِ تحریر کے حامل تھے اور ان عظیم امریکی رہنماؤں کی زندگیوں، جدوجہد اور کامیابیوں کی عکاسی کر رہے تھے۔ یہ رسالہ پاکستانی عوام میں امریکہ کا مثبت اور خوشگوار تاثر قائم کرنے کا باعث ہے۔

حمایت اللہ یعقوبی۔ اسلام آباد

I very much like 'Visit the 50 States' column. This enables us a free excursion of the U.S. – without visa and ticket. But we cannot partake in your column, 'Looking for Answers' since there is no facility of internet in our area nor do we have an adequate postal system. Ours is a backward area and is the last district of Balochistan. I would also like to salute you for all the good work that the U.S. is doing for the progress and prosperity of the people of Pakistan, especially in the earthquake hit areas of the NWFP.

Chaudhry Khalid Ameen (Barkhan)

ہر ماہ ایک ریاست کی سیر کا جو سلسلہ ہے وہ بہت اچھا ہے۔ اس کی بدولت ہم گھر بیٹھ کر امریکہ کی سیر کرتے ہیں - نہ ویزا لینا پڑتا ہے نہ ٹکٹ۔ آپ نے 'جواب کی تلاش' کے عنوان سے جو نیا کالم شروع کیا ہے اس میں ہم شامل نہیں ہو سکتے کیونکہ نہ تو ہمارے علاقے میں انٹرنیٹ کی سہولت ہے نہ ہی ڈاک کا نظام درست ہے۔ ہمارا علاقہ پسماندہ ہے اور صوبہ بلوچستان کا آخری ضلع ہے۔ میں امریکہ کو پاکستان کے عوام کی ترقی کے لئے خاص کر صوبہ سرحد کے زلزلہ زدہ علاقوں میں کام کرنے پر خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔

چوہدری خالد امین۔ بارکھان

I must congratulate your for introducing a number of improvements in the monthly Khabr-o-Nazar. The recent issue is indeed very well-produced.

Zahid Malik (Islamabad)

میں ماہنامہ ''خبر و نظر'' میں بہت ساری تبدیلیاں متعارف کروانے پر مبارکباد پیش کرنا چاہونگا۔ رسالہ کا تازہ شمارہ دراصل بہت خوب ہے۔

زاہد ملک۔ اسلام آباد

I received the January/February issue of Khabr-o-Nazar. I was amazingly happy to see the whole new outlook of the magazine. I really like the new layout of the magazine. "Seize the Opportunity" is a very useful column for the students. I will like to suggest you to keep on publishing articles about different educational and cultural programs. "Visit the 50 States" is very useful series through which we get to know about the particular state as well as different aspects of American society. I really liked "Library Challenge Project." I think through this project supply of required books will be made possible to the students of earth-quake affected areas. All other articles are also very useful and informative and I would like to congratulate all the team of the magazine.

Gulzar Usmani (Lahore)

جنوری فروری 2009ء کا ''خبر و نظر'' موصول ہوا۔ پڑھ کر حیرت انگیز طور پر خوشی محسوس ہوئی کیونکہ اس کا نیا انداز اور ترتیب بہت پسند آئی۔ 'موقع سے فائدہ اٹھایئے' پاکستانی طالب علموں کے لئے بے حد مفید مضمون ہے۔ اس طرح کے دیگر تعلیمی اور ثقافتی پروگراموں کے بارے میں مضامین شامل کرتے رہا کریں۔ 'امریکی ریاستوں کی سیر' بھی نہایت معلوماتی سلسلہ ہے جس کے ذریعہ ان ریاستوں کے بارے میں معلومات کے علاوہ امریکی معاشرے کے مختلف پہلوؤں سے آگاہی ہوتی ہے۔ 'لائبریری چیلنج پراجیکٹ' کا منصوبہ بہت پسند آیا۔ اس کے ذریعہ پاکستان کے زلزلہ زدگان طالب علموں کیلیۓ مطلوبہ کتب کی فراہمی ممکن ہو سکے گی۔ ان تمام سلسلوں کے علاوہ اس شمارے میں دیگر مضامین بھی بہت مفید اور معلوماتی ہیں جس کے لئے رسالہ کی تمام ٹیم کو مبارکباد پیش ہے۔

گلزار عثمانی۔ لاہور



جواب کی تلاش

Looking for Answers

"Looking for answers" gives our readers a voice to comment and share their views on myriad topics that are shaping our world. Each edition of "Looking for Answers" poses a question to you (our readers) and invites you to share your thoughts with us in short essay form. All submissions will be reviewed by the Public Affairs Section of the U.S. Embassy. Two "monthly winners" will be chosen and have their essays published in the subsequent edition of Khabr-o-Nazar. Winners will also receive a prize from the Public Affairs Section. Along with the two monthly winners, three "Honorable mentions" will receive certificates.

The following are the official guidelines for essay submissions:

- Essays should not exceed 250 words
- All essay submissions must be sent electronically to infoisb@state.gov or via mail
- All essays must focus on the question presented in the most current edition of "Looking for Answers"
- Deadline for submission of essays is the 25th of every month.
- All submissions must include the submitter's complete name, telephone number and home or work address.
- Essays will be published in the forthcoming editions of Khabr-o-Nazar.
- Winner will receive a prize mailed to their indicated address.

"جواب کی تلاش" ہمارے قارئین کواُن مختلف موضوعات پر تبصرہ اوراپنی آراء میں شریک کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے جو ہماری دنیا کی صورت گری کرتے ہیں۔ ہر شمارہ میں ہم اپنے قارئین سے ایک سوال کرتے ہیں تاکہ وہ ایک مختصر مضمون کی شکل میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ موصول ہونے والے تمام مضامین کا امریکی سفارتخانہ کا شعبہ امور عامہ کا عملہ جائزہ لے گا۔ ہر ماہ دو جیتنے والے مضمون نگاروں کا انتخاب کیا جائے گا اور خبرونظر کے آئندہ شمارہ میں ان کی فکری کاوش شائع کی جائے گی۔ جیتنے والوں کو شعبہ امور عامہ کی جانب سے ایک انعام دیا جائے گا۔ دو منتخب مضامین کے علاوہ مزید تین قابل ذکر مضامین کا بھی تذکرہ کیا جائے گا اور انہیں اسناد دی جائیں گی۔

مضامین بھیجنے کے درج ذیل قواعد وضوابط ہیں:

- مضمون اڑھائی سوالفاظ سے زیادہ طویل نہیں ہونا چاہیئے۔
- تمام مضامین ای میل کے ذریعہ infoisb@state.gov یا بذریعہ ڈاک بھیجے جا سکتے ہیں۔
- تمام مضامین تازہ ترین شمارہ میں پوچھے گئے سوال کو مدنظر رکھ کر تحریر کئے جائیں۔
- مضمون موصول ہونے کی آخری تاریخ ہر مہینے کی 25 تاریخ ہے۔
- تمام مضامین کے ساتھ مضمون نگار کا پورا نام، ٹیلی فون نمبر اور گھر یا دفتر کا پتہ درج ہونا ضروری ہے۔
- مضامین خبرونظر کے آئندہ شماروں میں شائع کئے جائیں گے۔
- کامیاب مضمون نگار کو دیئے گئے پتے پر انعام بذریعہ ڈاک بھیجا جائے گا۔

Question of the Month

What are some of the daily actions you undertake to respond to the global effort to protect the environment?

اس ماہ کا سوال

عالمی سطح پر ماحول کے تحفظ کے لئے کی جانے والی کوششوں کے جواب میں آپ کے چند یومیہ اقدامات کیا ہیں؟

President Obama's Vision of Change

By: Abdul Shakoor, Advocate (Multan)

اوبامہ کا تصور تبدیلی سے متعلق

تحریر: عبدالشکور، ایڈووکیٹ (ملتان)

President Obama's commitment to bring about change in U.S. internal and external policies for the people of America is very clear. Whatever ideals he dreamt for the American nation, he has started working to realize them. For the Americans, the very first change is a change in the history of this nation. Mr. Obama, the 44th President of the United States, has made history; in fact this historic change is brought about by none other than the people of America themselves. January 20, 2009 can be described as a day of historic change, as the first African-American took the oath of the President of the United States. This change portrayed the American nation as a tolerant, liberal and democratic country.

Mr. Obama has started working to bring this change in different ways as promised during his election campaign. The war policies of his predecessor had badly damaged the U.S. image both within and outside the U.S. Now President Obama is reviewing these policies, and planning to withdraw troops from several countries. The whole world, including the people of the United States, appreciate this change. It is a surprise for the Americans to see that President Obama has appointed his former presidential rival Senator Hillary Clinton, as the new Secretary of State. No sooner had Barack Obama assumed responsibility as the U.S. President; he stepped up efforts to strengthen democracy across the globe as well as in Pakistan. All such changes were Mr. Obama's vision.

He has eased hatred against the Americans in the world, particularly in the Muslim states, by bringing about changes in U.S. foreign policy and taking several peace initiatives. His policies aim to bring peace, love, and prosperity through dialogue.

Such are a few policies of President Obama that will help fulfill his promises and commitments that he made during the election campaign. These policies that herald change are being celebrated not only in the U.S., but also in the entire world.

ملکی اور بین الاقوامی پالیسوں کے حوالے سے امریکی عوام کے لئے تبدیلی لانے کے لئے صدر اوبامہ کا وعدہ بڑا ہی واضح ہے۔ امریکی عوام کے لئے انہوں نے جو خواب دیکھے تھے انہوں نے عنان حکومت سنبھالتے ہی ان وعدوں اور خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرنے کی شروعات کردی ہیں۔ امریکی عوام کیلئے سب سے پہلی تبدیلی تو ان کی طرف سے امریکہ کی تاریخ بدلنے سے شروع ہوگئی ہے۔ اوبامہ امریکہ کے 44ویں صدر ہیں جنہوں نے امریکہ کے لئے نئی تاریخ رقم کی۔ اگر یہ کہا جائے کہ درحقیقت یہ تاریخ ساز تبدیلی امریکی عوام کی بدولت رونما ہوئی تو غلط نہ ہوگا۔ 20 جنوری 2009ء کو اس لئے بھی تاریخ ساز تبدیلی کا دن قرار دیا جا سکتا ہے کہ اس روز اوبامہ نے پہلے سیاہ فام افریقی، امریکی صدر کی حیثیت سے حلف اٹھایا۔ یہ تاریخ ساز تبدیلی صرف اور صرف اوبامہ کے حصے میں آئی۔ اس تبدیلی سے امریکی عوام کا امیج پوری دنیا میں غیر متعصب، لبرل اور جمہوریت پسند قوم کے طور پر سامنے آیا ہے۔

اوبامہ نے انتخابی مہم کے دوران تبدیلی کا جو وعدہ کیا تھا اس پر کئی اطراف سے عمل درآمد کرنا شروع کر دیا ہے۔ سابقہ حکومت میں جنگی پالیساں بنائی گئی تھیں ان پالیسوں کی وجہ سے ملکی اور بین الاقوامی سطح پر امریکہ کا تشخص بُری طرح متاثر ہو چکا تھا۔ موجودہ صدر امریکہ اوبامہ نے ان جنگی پالیسوں پر نظر ثانی کی اور مختلف ممالک سے افواج کو واپس بلانے کی پالیسی وضع کی جس کو امریکی عوام سمیت پوری دنیا نے سراہا۔ امریکی عوام کے لئے یہ ایک انوکھی تبدیلی ہوگی کہ اوبامہ نے صدر منتخب ہونے کے بعد پارٹی الیکشن میں اپنی حریف سینٹر ہیلری کلنٹن کو سیکرٹری آف سٹیٹ مقرر کر دیا۔ صدر اوبامہ کے دور صدارت کے آغاز کے ساتھ ہی پاکستان سمیت دنیا بھر میں جمہوریت کو مستحکم کرنے کے لئے عملی کوششیں تیز کر دیں گئیں۔ ایسی تمام تر تبدیلیاں اوبامہ کا وژن تھا۔

پوری دنیا میں بالعموم اور مسلم دنیا میں بالخصوص امریکیوں کے خلاف پائی جانے والی نفرت کو اپنی بین الاقوامی پالیسوں میں تبدیلی اور جنگ کے بجائے امن کی طرف اقدامات کی وجہ سے کم کیا۔ ان پالیسوں میں مذکرات کے ذریعے پوری دنیا میں امن، محبت اور خوشحالی لانا شامل ہے۔

یہ تھیں صدر اوبامہ کی چند ایک ایسی پالیساں جن سے ان کی الیکشن مہم کے دوران ملکی اور بین الاقوامی پالیسوں میں تبدیلی کے حوالے سے کیے گئے وعدے وفا ہوتے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔ تبدیلی کی ان پالیسوں کو نہ صرف امریکہ بلکہ پوری دنیا میں سراہا جا رہا ہے۔

A surge of Happiness

خوشی کی لہر

By: Inam Gohar (Hyderabad)

Governments are formed and dissolved. Every government aspires, using the best available resources, high mental capabilities and effective policies, to find out durable solutions to the problems facing nation and the country, which could guarantee peace and stability, prosperity and progress. On 20th January, President Barack Obama took oath as the President of the United States of America and conveyed the message to the world community to seek after such ambitions. His message was welcomed with a great surge of happiness. He received tremendous positive response, thanks to his positive and constructive thinking which offered solutions to the problems and ways to combat the challenges jointly and make efforts for peace, stability, unity, mutual understanding and cooperation.

There is no denying the fact that no single country can eliminate or address the alarming threat of terrorism unless there is mutual understanding, collaboration, strong diplomacy based on principles. This collaboration is extremely important, and President Obama has effectively demonstrated it in his policies where friendly cooperation based on equality has been greatly emphasized. This will surely unite the whole world to one platform.

This will undoubtedly usher in a new era where universal brotherhood and unity will reign supreme, rising above parochial differences and personal gains. Every country, in its own capacity, keeping in view the interests of others, will play positive and active role. In Barack Obama, the American nation has selected its leader by sidelining all petty differences of caste, color and creed. We do hope that President Obama will prove to be flag-bearer of universal peace, cooperation and friendship.

تحریر: انعام گوہر (حیدرآباد)

حکومتیں بنتیں ہیں اور ختم ہو جاتی ہیں۔ ہر حکومت کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ اپنے بہترین وسائل، اعلیٰ ذہنی صلاحیتوں اور عمدہ پالیسی سے ملک اور قوم کو درپیش مسائل اور ضروریات کا پائیدار حل تلاش کیا جائے جو ملک کے امن استحکام، خوشحالی اور ترقی کا ضامن ہو۔ 20 جنوری 2009ء کو بارک اوبامہ نے اس مشن کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے اپنی صدارت کا حلف اٹھا کر بین الاقوامی برادری تک ان عزائم کے ثمرات پہنچانے کی بات کی جس سے عالمی برادری میں امید اور خوشی کی لہر دوڑ گئی اور دنیا بھر سے ان کی صدارت کا خیر مقدم کیا گیا۔ اس کی اہم وجہ ان کی مثبت اور تعمیری سوچ ہے جس میں دنیا کے تمام ممالک کے ساتھ تعاون، اتحاد، یکجہتی کے لئے مشترکہ کوششیں اور باہمی تعاون سے ترقی کی نئی راہیں تلاش کرنا اور امن و سلامتی کے لئے درپیش چیلنجوں کا مل جل کر خاتمہ کرنے کی بات کی گئی۔

اِس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ کوئی ایک ملک دنیا سے دہشت گردی کا خاتمہ نہیں کر سکتا جب تک دوسرے ممالک کے ساتھ باہمی طور پر مربوط، اصولی اور پائیدار سفارت کاری کی اعلیٰ اقدار قائم نہ کی جائے اور تعاون انتہائی اہم ہے جسے صدر اوبامہ نے اپنے حکومتی ایجنڈے میں خوبصورت طریقے سے واضح کیا ہے جس میں برابری کی بنیاد پر دوستانہ تعاون پر زور دیا گیا ہے۔ بلاشبہ یہی وہ نکتہ ہے جو بین الاقوامی برادری کو ایک پلیٹ فارم پر یکجا کرنے میں معاون اور مددگار ثابت ہوگا۔

بلامبالغہ یہ ایک نئے دور کا آغاز ہوگا جہاں رنگ و نسل اور ذاتی مفادات سے بلند ہو کر عالمی اخوت اور بھائی چارے کی فضا ہموار ہوگی اور ہر ملک اپنے اپنے دائرہ کار میں رہ کر دوسرے ممالک کی مفادات اور تحفظ کو مدنظر رکھ کر اپنا بھرپور کردار ادا کریگا۔ جس طرح امریکی قوم نے رنگ و نسل کی تفریق کے بغیر اپنے رہنما کی شکل میں بارک اوبامہ کا انتخاب کیا ہے اسی طرح بارک اوبامہ بھی عالمی امن، دوستی اور تعاون کا علم بردار ثابت ہوں گے۔

Honorable Mention قابل ذکر مضامین:

Ghulam Qasim Mujahid Baloch, Dera Ghazi Khan

Sardar Abdul Hameed Khan, Azad Jammu & Kashmir

Air Marshal (retd) Khurshid Anwar Mirza, Lahore

غلام قاسم مجاہد بلوچ، ڈیرہ غازی خان

سردار عبدالحمید خان، آزاد جموں وکشمیر

ایئر مارشل (ریٹائرڈ) خورشید انور مرزا، لاہور

Obama Makes Climate Change a National Priority

Secretary of State Hillary Clinton names Todd Stern as the new special envoy for climate change

(AP Photo)

اوبامہ نے موسمیاتی تبدیلی کو قومی ترجیح قرار دے دیا

سیکرٹری خارجہ ہیلری کلنٹن کی جانب سے موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں نئے خصوصی نمائندے کی حیثیت سے ٹوڈ سٹرن کی نمائندگی

Climate change is a planetary process, but its effects — sea level rise, shrinking glaciers, changes in plant and animal distribution, early-blooming trees, permafrost thaws — are regional and local.

Some of the effects are already occurring, and the newly installed Obama administration is moving fast to put the United States in a leadership position to work with nations of the world and meet the challenges of climate change and energy security.

On January 26, President Obama signed two related presidential memorandums. In what he called "a down payment on a broader and sustained effort to reduce our dependence on foreign oil," Obama directed the Department of Transportation to establish higher fuel efficiency standards for carmakers' 2011 model year.

The second memo directed the Environmental Protection Agency to reconsider a petition by California to set more stringent limits for greenhouse gas emissions from motor vehicles than those set by the federal government.

SPECIAL ENVOY FOR CLIMATE CHANGE

On the same day, at the U.S. State Department, Secretary of State Hillary Clinton introduced Todd Stern as the nation's new special envoy for climate change.

"With the appointment of a special envoy," Clinton said, "we are sending an unequivocal message that the United States will be energetic, focused, strategic and serious about addressing global climate change and the corollary issue of clean energy."

Stern will serve as a principal adviser on international climate policy and strategy and as the administration's chief climate negotiator. He will lead U.S. efforts in U.N. negotiations and will be a lead participant in developing climate and clean energy policy.

"Containing climate change will require nothing less than transforming the global economy from a high-carbon [dioxide] to a low-carbon energy base," said Stern, who in the 1990s coordinated the Clinton administration's climate change efforts and was senior White House representative at U.N. climate negotiations in Kyoto, Japan, and Buenos Aires, Argentina.

موسمیاتی تبدیلی کرہ ارض کا ایک عمل ہے لیکن سمندروں کی سطح بلند ہونا، گلیشیئرز میں کمی، نباتات اور حیوانات کی تقسیم میں تبدیلی، درختوں کا جلد ہرا بھرا ہو جانا اور قطبین کی برف کا پگھلنا اس عمل کے ایسے اثرات ہیں جو علاقائی اور مقامی سطحوں پر مرتب ہو رہے ہیں۔

ان میں سے بعض اثرات پہلے سے مرتب ہو رہے ہیں اور اوبامہ کی نئی انتظامیہ اس سلسلے میں اقوام عالم کے ساتھ مل کر کام کرنے اور موسمیاتی تبدیلی اور توانائی کے تحفظ کے چیلنجوں سے نمٹنے میں امریکہ کی قائدانہ حیثیت کیلئے تیزی سے کام کر رہی ہے۔

26 جنوری کو صدر اوبامہ نے دو متعلقہ صدارتی یادداشتوں پر دستخط کئے۔ ایک یادداشت کے تحت، جسے اوبامہ نے "سرحد پر کچھ پیشگی رقم کی ادائیگی اور غیر ملکی تیل پر انحصار کم کرنے کی مسلسل کوشش" قرار دیا، انہوں نے ٹرانسپورٹ کے محکمے کو ہدایت کی کہ وہ انتہائی بہتر کارکردگی کے ایندھن کا معیار قائم کرے اور موٹر سازی کی صنعت کیلئے 2011 کو اس معیار پر پورا اترنے کا مثالی سال قرار دے۔

دوسری یادداشت میں ماحول کے تحفظ سے متعلق ادارے کو ہدایت کی گئی کہ وہ موٹر گاڑیوں سے مضر گیسوں کے اخراج کو محدود کرنے کے بارے میں وفاقی حکومت کے ضابطے مزید سخت بنائے۔

موسمیاتی تبدیلی بارے میں خصوصی نمائندہ

اسی دن امریکی وزیر خارجہ ہیلری کلنٹن نے ٹوڈ سٹرن کو موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں ملک کے نئے خصوصی نمائندے کے طور پر متعارف کرایا۔

کلنٹن نے کہا" خصوصی نمائندے کے تقرر سے ہم دنیا کو یہ واضح پیغام دے رہے ہیں کہ امریکہ موسمیاتی تبدیلی کے عالمی مسئلے سے نمٹنے اور ماحول کیلئے بے ضرر توانائی کو فروغ دینے کے بارے میں سرگرم، یکسو اور سنجیدہ ہے۔"

سٹرن موسمیات کے بارے میں بین الاقوامی پالیسی اور حکمت عملی کی تیاری کیلئے اہم مشیر اور موسمیات سے متعلق انتظامیہ کے اعلیٰ مذاکراتی نمائندے کے طور پر خدمات انجام دیں گے۔

سٹرن نے، جنہوں نے 1990 کی دہائی میں موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں کلنٹن انتظامیہ کی کوششوں کو مربوط بنایا تھا اور جاپان کے شہر کیوٹو اور ارجنٹائن کے شہر بیونس آئرس میں موسمیات کے بارے اقوام متحدہ کے مذاکرات میں وائٹ ہاؤس کے اعلیٰ نمائندے کی حیثیت سے شرکت کی تھی، کہا: "موسمیاتی تبدیلی پر قابو پانے کیلئے یہ بات نہایت ضروری ہے کہ عالمی معیشت کو زیادہ کاربن (ڈائی آکسائیڈ) کی توانائی سے کم کاربن کی توانائی کی جانب منتقل کیا جائے۔"

Secretary of State Hillary Rodham Clinton, second right, chats with Mark Norbom, President and CEO of General Electric Greater China, as US Special Envoy for Climate Change Todd Stern, left, and Wang Yongliang, the General Manager of the Taiyanggong Gas-Fired thermal Power Plant, right, look on, during a visit to the plant in Beijing Sturday Fab. 21, 2009. (AP Photo)

سیکرٹری خارجہ ہیلری کلنٹن موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں نئے خصوصی نمائندے ٹوڈ سٹرن کے ہمراہ بیجنگ میں گیس سے چلنے والے تھرمل پاور پلانٹ کے دورہ کے موقع پر

SCALING DOWN TO THE LOCAL LEVEL

Climate change often is described as an event that will bring catastrophe to Earth's inhabitants in the distant future.

But every nation's farmers, coastal dwellers, emergency planners and government officials already have experienced the bleeding edge of changing climate — rising air and sea-surface temperatures, shrinking arctic ice, lower crop yields, dwindling forests, intense hurricanes and unrelenting droughts.

There is no shortage of evidence that the planet faces a climate crisis, but there is a severe shortage of one thing that will help villages, towns, cities and regions protect themselves and their ecosystems against the long-term effects of a climate in flux: information.

NATIONAL CLIMATE SERVICE

Weather is the day-to-day state of the atmosphere and its short-term (minutes to weeks) variation, according to the U.S. National Snow and Ice Data Center. Climate is statistical weather information that describes weather variation at a given place averaged over a longer period, usually 30 years.

NOAA's National Weather Service provides weather, hydrologic and climate forecasts and warnings for the United States, its territories and ocean areas. Weather Service data and products form a national information database and infrastructure that is available to other governmental agencies, the private sector, the public and the global community.

NOAA also has an operational mandate to monitor and predict climate, Chet Koblinsky, director of NOAA's Climate Program Office, said.

With NOAA in the lead, a proposed climate service partnership would include federal agencies like NASA, the U.S. Geological Survey, the Environmental Protection Agency, the Centers for Disease Control and Prevention, the U.S. Forest Service and many others.

NOAA also would collaborate with academic and private organizations.

مقامی سطح پر توجہ مرکوز کرنا

موسمیاتی تبدیلی کو اکثر ایسا مسئلہ قرار دیا جاتا ہے جس سے مستقبل بعید میں کرہ ارض کے تمام جانداروں پر بہت بڑی تباہی آئے گی۔ تاہم ہر قوم کے کسان، ساحلی علاقوں کے لوگ، ہنگامی منصوبے تیار کرنے والے اور سرکاری اہلکار، موسمیاتی تبدیلی کے تباہ کن اثرات کا پہلے ہی تجربہ حاصل کر چکے ہیں جس میں فضا اور سمندر کے درجہ حرارت میں اضافہ، قطب شمالی کی برف، فصلوں کی پیداوار اور جنگلات میں کمی، شدید طوفان باد و باراں اور نہ ختم ہونے والی خشک سالی شامل ہے۔

اس کے بارے میں شواہد میں کوئی کمی نہیں کہ کرہ ارض کو موسمیاتی بحران کا سامنا ہے لیکن ایسی اطلاعات کی شدید کمی ہے جس سے دیہات، قصبوں، شہروں اور علاقوں کے علاوہ ان کے ماحولیاتی نظاموں کو بچانے میں مدد مل سکتی ہو۔

موسمیات کے بارے میں قومی سروس

امریکہ کے برف باری اور برف کے بارے میں اعداد وشمار کے قومی مرکز کے مطابق موسم، فضا کی روزمرہ کیفیت اور اس کے کم مدتی (منٹوں سے ہفتوں تک کے) اتار چڑھاؤ کو کہتے ہیں۔ موسمیات، ایسے اعداد وشمار ہوتے ہیں جن سے کسی مخصوص جگہ پر طویل عرصے، عموماً 30 برس تک موسمی تغیر و تبدل کو ظاہر کیا جاتا ہے۔

بحری علاقوں اور فضا سے متعلق قومی انتظامیہ (این او اے اے) کی موسمیات کے بارے میں قومی سروس، امریکہ اور اس کے بری اور بحری علاقوں کیلئے موسم، سمندر اور آب و ہوا کے بارے میں پیش گوئی کرتی ہے۔ اس سروس کے اعداد وشمار اور مصنوعات سے تشکیل پانے والا اطلاعات کا قومی ڈیٹا بیس اور بنیادی ڈھانچہ، دیگر سرکاری اداروں، نجی شعبے، عوام اور عالمی برادری کو دستیاب ہوتا ہے۔

این او اے اے انتظامیہ کے آب وہوا کے بارے میں پروگرام آفس کے ڈائریکٹر شٹ کوبلنسکی نے کہا "انتظامیہ کی یہ عملی ذمہ داری بھی ہے کہ وہ آب وہوا پر نگاہ رکھے اور پیش گوئی کرے۔"

این او اے اے کی قیادت میں موسمیات کے بارے میں مجوزہ سروس کی شراکت داری میں ناسا، امریکی ارضیاتی سروے، ماحولیاتی تحفظ کا ادارہ، امراض پر کنٹرول اور روک تھام کے مراکز اور جنگلات کے بارے میں امریکی سروس ادارہ اور بہت سے دوسرے ادارے شامل ہوں گے۔

این او اے اے تعلیمی اداروں اور نجی تنظیموں سے بھی اشتراک عمل بڑھائے گا۔

What Is Earth Day?

The history of Earth Day mirrors the growth of environmental awareness over the last three decades

یومِ ارض کیا ہے؟

یوم ارض کی تاریخ گزشتہ تین عشروں میں ماحولیات کے بارے میں پیدا ہونے والے شعور کی عکاسی کرتی ہے

School children rally in Katmandu, Nepal Monday, April 22, 2002. Monday is being observed as International Earth Day.

کھٹمنڈو، نیپال میں اسکول بچے عالمی یوم ارض کی مناسبت سے ایک ریلی نکال رہے ہیں

Earth Day, April 22, is the annual celebration of the environment and a time to assess the work still needed to protect the natural gifts of our planet. Earth Day has no central organizing force behind it though several nongovernmental organizations work to keep track of the thousands of local events in schools and parks that mark the day.

ہر سال 22 اپریل کو یوم ارض منایا جاتا ہے۔ اس دن ماحول کی اہمیت واضح کی جاتی ہے اور یہ جائزہ لیا جاتا ہے کہ زمین کی قدرتی نعمتوں کے تحفظ کے لئے ابھی کیا کچھ کرنا باقی ہے۔ یوم ارض منانے کیلئے کوئی مرکزی ادارہ نہیں، تاہم بہت سی غیر سرکاری تنظیمیں اُن ہزاروں تقریبات پر نظر رکھتی ہیں اور ان میں شرکت کرتی ہیں، جو اسکولوں اور

(AP Photo/Mark Hoffman)

Senator Gaylord
سینیٹر گیلارڈ نیلسن

Earth Day is observed around the world, although nowhere is it a national holiday. In the United States, it affirms that environmental awareness is part of the country's consciousness and that the idea of protecting the environment, once the province of a few conservationists, has moved from the extreme to the mainstream of American thought.

Gaylord Nelson, a U.S. Senator from Wisconsin and a long time conservationist called for an environmental teach-in, or Earth Day, to be held on April 22, 1970. Over 20 million people participated that year. Senator Nelson took a leading role in organizing the celebration, hoping to demonstrate popular political support for an environmental agenda.

Groundbreaking federal legislation followed the success of the first Earth Day. The U.S. Environmental Protection Agency was established in 1970, followed by the Clean Air Act, the Clean Water Act of 1972, and the Endangered Species Act of 1973. Among the many far-reaching provisions of these bills was the requirement that automobiles use unleaded gasoline, achieve a minimum number of miles-per-gallon of gasoline and be equipped with catalytic converters to reduce the amount of toxic fumes released by automobile exhaust.

Then, in the wake of this legislative success, Earth Day seemed to disappear. Though annual celebrations continued, they failed to match the size and enthusiasm of the first year. Earth Day seemed to have become a relic of the protest days of the early 1970s.

By the late 1980s recycling programs were established in many communities. By the mid-1990s these municipal recycling programs were paying for themselves, the amount of

پارکوں میں منعقد ہوتی ہیں۔

یوم ارض دنیا بھر میں منایا جاتا ہے، تاہم کسی ملک میں اس دن قومی تعطیل نہیں ہوتی۔ امریکہ میں یہ دن منا کر اس بات کی توثیق کی جاتی ہے کہ ماحول کی اہمیت، ملک کے اجتماعی شعور کا حصہ ہے اور ماحول کی حفاظت کی سوچ، جو کبھی چند لوگوں اور اداروں تک محدود تھی، اب امریکہ کی قومی سوچ بن چکی ہے۔

وسکانسن سے تعلق رکھنے والے سینیٹر اور تحفظ ماحول کے علمبردار گیلارڈ نیلسن نے 22 اپریل 1970 کو یوم ارض منانے کا اعلان کیا تھا۔ اُس سال 20 ملین سے زیادہ لوگوں نے یوم ارض کی تقریبات میں شرکت کی تھی۔ سینیٹر نیلسن نے ماحولیاتی ایجنڈے کے لئے عام سیاسی حمایت حاصل کرنے کی غرض سے یوم ارض کی تقریبات میں نمایاں کردار ادا کیا تھا۔

پہلے یوم ارض کی کامیابی کے بعد تحفظ ماحول کے لئے جو قوانین بنائے گئے، وہ بڑی اہمیت کے حامل ثابت ہوئے۔ 1970 میں تحفظ ماحول کا امریکی ادارہ قائم ہوا، جس کے بعد صاف ہوا کا ایکٹ، صاف پانی کا ایکٹ مجریہ 1972 اور نایاب حیوانات کا ایکٹ مجریہ 1973 منظور ہوا۔ ان قوانین میں جو دُوررس دفعات رکھی گئیں، ان میں یہ شرائط بھی شامل تھیں کہ موٹر گاڑیوں میں سیسے سے پاک پٹرول استعمال کیا جائے گا، فی گیلن کم از کم ایک مقررہ فاصلہ طے کرنے کی حد مقرر ہوگی اور گاڑیوں میں ایسے آلات لگوانا ہوں گے، جن سے زہریلے دھوئیں کا اخراج کم سے کم ہو۔

ان قوانین کی منظوری میں کامیابی حاصل ہونے کے بعد ایسا محسوس ہوتا تھا کہ اب یوم ارض غائب ہوگیا ہے۔ اگرچہ یوم ارض کی سالانہ تقریبات منعقد ہوتی تھیں لیکن ان میں پہلے سال والا جوش و جذبہ دیکھنے میں نہیں آتا تھا۔ ایسا لگتا تھا کہ یوم ارض 1970 کی دہائی کے اوائل کے احتجاجوں کا ایک قصہ پارینہ بن گیا ہے۔

1980 کے عشرے کے اواخر میں کئی علاقوں میں ری سائیکلنگ پروگرام شروع ہوئے۔ 1990 کے عشرے کے وسط تک بلدیاتی اداروں کے اِن ری سائیکلنگ پروگراموں کے اخراجات خود یہ پروگرام پورے کررہے تھے، کیونکہ گڑھوں میں جو کچرا ڈالا جاتا تھا، اس کی مقدار واضح طور پر کم ہونے لگی تھی اور امریکہ کا 20 فیصد سے زیادہ کچرا مفید مصنوعات میں تبدیل ہونے لگا تھا۔ تجارتی کمپنیاں، جو صارفین کی خواہشات اور اپنے منافع پر نظر رکھتی ہیں، اپنے آپ کو ماحول دوست ثابت کرنے لگیں۔ کئی کمپنیوں نے ماحول دوست طریقے اپنائے، جس سے ان کی صنعتوں کی کارکردگی بڑھی اور صنعتی فضلہ کی مقدار کم ہوئی۔

trash dumped into landfills was in noticeable decline, and more than 20 percent of America's municipal trash was being converted into useful products. Corporations, ever conscious of the desires of the consumer and the bottom line of profits began to promote themselves as being environmentally friendly. Many firms adopted sensible business practices that increased efficiency and reduced the amounts of industrial waste.

Earth Day came back in a big way in 1990. Led by Denis Hayes, a primary organizer of the first Earth Day, Earth Day 1990 was international in scope. More than 200 million people around the world, ten times the number in 1970, participated in events that recognized that the environment had finally become a universal public concern. The global momentum continued in 1992 at the United Nations Conference on Environment and Development (UNCED), held in Rio de Janiero, Brazil, where an unprecedented number of governments and NGOs agreed on a far-ranging program to promote sustainable development.

The 25th anniversary of the first Earth Day in 1995 was a time to assess environmental progress. In Western countries the news seemed good, air and water were cleaner, forests were expanding and many other environmental indicators were up as well. The sometimes volatile combination of legislation, lawsuits brought by NGOs, public education and more efficient business practices had made a noticeable and positive effect on the condition of the environment.

Earth Day, and the awareness it embodies, continues today. What began in 1970 as a protest movement has evolved into a global celebration of the environment and commitment to its protection. The history of Earth Day mirrors the growth of environmental awareness over the last three decades, and the legacy of Earth Day is the certain knowledge that the environment is a universal concern.

1990 میں یوم ارض دوبارہ بھرپور طریقے سے منایا گیا۔ اس مرتبہ یوم ارض کی تقریبات کی قیادت ڈینس ہیز کر رہے تھے، جو پہلے یوم ارض کی تقریبات میں بھی پیش پیش رہے تھے۔ 1990 کا یوم ارض بین الاقوامی سطح پر منایا گیا۔ دنیا بھر کے 200 ملین سے زیادہ لوگوں نے، جن کی تعداد 1970 کے یوم ارض سے 10 گنا زیادہ تھی، ماحولیاتی پروگراموں میں شرکت کی، جن میں اس حقیقت کی نشاندہی کی گئی کہ تحفظ ماحول اب ایک عالمی مسئلہ بن چکا ہے۔ 1992 میں بھی یہ تحریک اسی رفتار سے جاری رہی اور ریوڈی جینیرو، برازیل میں ماحول اور ترقی کے بارے میں اقوام متحدہ کی کانفرنس منعقد ہوئی۔ اس کانفرنس میں غیر معمولی تعداد میں حکومتوں اور غیر سرکاری تنظیموں نے پائیدار ترقی کے لئے ایک دوررس پروگرام پر اتفاق کیا۔

1995 میں پہلے یوم ارض کی 25ویں سالگرہ کے موقع پر اس بات کا جائزہ لیا گیا کہ تحفظ ماحول کیلئے کتنی پیشرفت ہوئی ہے۔ مغربی ملکوں میں حالات میں بہتری کی خبریں ملیں اور بتایا گیا کہ ہوا اور پانی پہلے سے زیادہ صاف ہیں، جنگلات کا رقبہ بڑھ رہا ہے اور ماحول کے دوسرے بہت سے اشاریئے بھی مثبت ہیں۔ قانون سازی، غیر سرکاری تنظیموں کی طرف سے درج کرائے جانے والے مقدمات' عوام میں شعور و آگہی اور صنعتوں میں ماحول دوست ٹیکنالوجی کے استعمال سے ماحول پر واضح اور مثبت اثر پڑا تھا۔

یوم ارض شعور و آگہی پیدا کرنے کی اپنے اندر جو صلاحیت رکھتا ہے، اس کا سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ 1970 میں احتجاج کے طور پر شروع ہونے والی تحریک اب تحفظ ماحول کی ایک عالمی تحریک بن چکی ہے۔ یوم ارض واضح کرتا ہے کہ ماحول ایک عالمی مسئلہ ہے۔

Matt Ritter, left, Nico Reyes, 6, center, and Patrick Grover all help in planting a tree along the Los Angeles River during a community tree-planting and clean-up effort as part of Earth Day, Saturday, April 20, 2002, in the Glassell Park area of Los Angeles.

لاس اینجلس کے گلاسیل پارک میں لوگ شجرکاری کر رہے ہیں۔

World Tuberculosis Day

Anne W. Patterson
Ambassador of the United States

عالمی یوم تپ دق

تحریر: این ڈبلیو پیٹرسن، سفیر ریاست ہائے متحدہ امریکہ

Almost a century ago, America was locked in a battle against tuberculosis (TB), which killed thousands annually and was one of the leading causes of death in the United States. Today, even though a cure for drug-sensitive TB has existed for more than 50 years, TB remains second only to HIV among infectious killers worldwide. It is a disease that hits the poorest and most vulnerable groups, especially women and children. This is why the World Health Organization (WHO) recognizes a day each year, World Tuberculosis Day on March 24th, to call attention to the disease and to mobilize action to combat it.

One-third of the world's population is infected with dormant TB. Approximately 9.2 million people develop the active form of the disease each year. This highly contagious active form spreads through the air from one person to another through coughing and sneezing. About 1.7 million people die annually of TB.

Pakistan ranks eighth among the 22 high-burden tuberculosis (TB) countries worldwide, according to the World Health Organization. An estimated 300,000 Pakistanis contract tuberculosis each year, and 90,000 deaths occur annually due to TB.

The American people are making major investments to prevent and control TB in countries around the world where the burden of the disease is highest. Through our active engagement in the

تقریباًایک صدی پہلے تک امریکہ تپ دق کے مرض کے حملے کی زد میں رہتا تھا، جس سے ہر سال ہزاروں لوگ ہلاک ہوجاتے تھے۔ یہ مرض امریکہ میں لوگوں کی موت کی وجہ بننے والے بڑے بڑے اسباب میں شامل تھا۔آج بھی ٹی بی کا مرض متعدی امراض کے لحاظ سے ایچ آئی وی کے بعد دنیا میں موت کے اسباب میں دوسرا بڑا سبب ہے، حالانکہ 50سال سے زیادہ عرصے سے ٹی بی کا علاج موجود ہے۔ یہ ایک ایسا مرض ہے، جو غریبوں اور معاشرے کے دوسرے کمزور طبقوں خواتین اور بچوں کو خاص طور پر نشانہ بناتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ عالمی ادارہ صحت ہر سال 24مارچ کوتپ دق کا عالمی دن مناتا ہے، جس کا مقصد اس مرض کی طرف لوگوں کی توجہ مبذول کرانا اوراس پر قابو پانے کے لئے تحریک پیدا کرنا ہے۔

دنیا کی ایک تہائی آبادی ٹی بی کے خاموش مرض میں مبتلا ہے۔تقریباً9.2ملین لوگوں کو ہر سال یہ مرض لاحق ہوتا ہے۔ یہ مرض کھانسنے اور چھینکنے سے ایک شخص سے دوسرے شخص تک پہنچتا ہے۔ ہر سال اندازاً1.7 ملین لوگ اس سے ہلاک ہوجاتے ہیں۔

عالمی ادارہ صحت کے مطابق پاکستان اُن ملکوں میں 22ویں نمبر پر آتا ہے، جہاں ٹی بی کا مرض عام ہے۔ پاکستان میں تقریباً300,000لوگ ہر سال اس مرض میں مبتلا ہوتے ہیں اور90,000لوگ اس سے انتقال کرجاتے ہیں۔

امریکہ دنیا بھر میں اس مرض کی روک تھام کے لئے بڑے پیمانے پر مدد دے رہا ہے۔ہم اُن عالمی کوششوں میں پیش پیش ہیں، جن کا مقصد1990 کے مقابلے میں2015میں ٹی بی کے مریضوں اورٹی بی سے ہونے والی

STOP TB Partnership, we are a key partner to intense global efforts to achieve the Partnership's Global Plan targets to halve TB prevalence and deaths by 2015 relative to 1990 levels. Achieving this goal could save 14 million lives, not to mention the economic benefits for nations.

There is good news to share. According to The 2009 Global Tuberculosis Control Report, released today by the WHO, TB prevalence and death rates are falling globally, while detection of new cases of TB and access to high-quality anti-TB treatments are on the rise. Three of six regions in the world (Americas, Eastern Mediterranean and South-East Asia) are on track to achieve the Global Plan's 2015 targets, and the Western Pacific Region is making strong strides toward the goal.

From 2006-2008, USAID contributed approximately $6.5 million to TB prevention and control in Pakistan. Supporting an internationally-proven approach known as DOTS (Directly Observed Treatment Short Course), USAID funding has provided training to the technical staff who deliver diagnostic services and treatment. USAID also supports district-level managers who supervise and monitor the quality of diagnosis and treatment of patients with TB. All public health centers have now adopted the DOTS program. Assistance has largely focused on the National TB Program, but in addition, USAID is helping to expand this vital treatment regimen to the private sector, thus greatly improving identification and treatment of cases throughout the country. Detection of TB cases has tripled since 2004, and the treatment success rate has shown solid improvement.

However, much work remains to be done. Neither Africa nor Europe is on track to meet the targets. Because HIV fuels the TB epidemic, the number of HIV-positive TB cases and deaths are twice what was previously thought. Multi-drug resistant (MDR) TB threatens to undermine years of progress in TB control, because the treatment requires different and more costly drugs. New approaches to diagnose TB, coupled with improved health delivery systems and stronger community awareness, are critical to earlier detection and treatment.

The United States remains fully committed to working with all of our partners to renew the charge against TB. The American people have donated $3.3 billion to the Global Fund (GF) since 2002. Almost $1.71 billion has been approved by the GF for phase 1 and 2 TB grants in 91 countries. Global Fund investments have provided 3.9 million people with treatment for tuberculosis.

The United States is the largest single-country bilateral donor for TB, and since 1998 it has provided more than $777 million to global TB control programs. The United States is a leading donor to the Global TB Drug Facility to expand access to, and availability of, high-quality anti-TB drugs, providing nearly $15 million in 2008. More than 450,000 patients will benefit from this life-saving assistance from the American people.

On World Tuberculosis Day, the United States renews its pledge to work with countries and the international community to successfully implement the Global Plan to Stop TB. The lives of millions of people across the globe depend on true international cooperation.

اموات کی تعداد میں 50 فیصد تک کمی لانا ہے۔ اس مہم کے نتیجے میں دنیا بھر میں 14 ملین لوگوں کی جانیں بچائی جاسکیں گی اور اقتصادی فوائد اس کے علاوہ ہوں گے۔

ٹی بی کنٹرول کے حوالے سے اچھی خبریں بھی موجود ہیں۔ 2009 کی ٹی بی کنٹرول رپورٹ کے مطابق، جسے عالمی ادارہ صحت نے جاری کیا ہے، دنیا بھر میں ٹی بی کے مرض میں کمی آرہی ہے اور اس سے ہونے والی اموات میں بھی کمی آرہی ہے۔ ٹی بی کے نئے کیسوں کا پتہ چلانے اور ٹی بی کے اعلیٰ درجے کے علاج میں بھی بہتری آرہی ہے۔ دنیا کے چھ میں سے تین خطے (شمالی و جنوبی امریکہ، مشرقی بحیرہ روم اور جنوب مشرقی ایشیا) ایسے خطے ہیں، جو 2015 تک ٹی بی کا 50 فیصد مرض ختم کرنے کے ہدف کی طرف مقررہ رفتار سے آگے بڑھ رہے ہیں، جبکہ مغربی بحرالکاہل کے خطے کے ملک بہت تیزی سے اس ہدف کی طرف بڑھ رہے ہیں۔

2006-2008 سے اب تک یو ایس ایڈ نے پاکستان میں ٹی بی کی روک تھام کے لئے تقریباً 6.5 ملین ڈالر کی امداد دی ہے۔ ٹی بی کے علاج کی تربیت کے پروگرام DOTS کے تحت یو ایس ایڈ کی مدد سے ٹیکنیکل اسٹاف کو تربیت دی گئی ہے، جو اس مرض کی تشخیص اور علاج کے لئے خدمات انجام دے رہا ہے۔ یو ایس ایڈ ٹی بی کے مریضوں کی تشخیص اور علاج کی نگرانی کرنے والے ضلعی سطح کے منتظمین کے لئے بھی مدد دے رہا ہے۔ صحت عامہ کے تمام مراکز میں اب DOTS پروگرام پر عمل ہو رہا ہے۔ ٹی بی کنٹرول کے قومی پروگرام کے لئے خاص طور پر امداد دی جارہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یو ایس ایڈ پرائیویٹ شعبے میں بھی علاج کی سہولتیں بڑھانے میں مدد دے رہا ہے۔ اس سے ملک بھر میں ٹی بی کی تشخیص اور علاج کا معیار نمایاں طور پر بہتر ہوا ہے۔ 2004 سے اب تک ٹی بی کے مریضوں کی نشاندہی میں تین گنا اضافہ ہو چکا ہے اور اس مرض کے علاج میں کامیابی کی شرح میں بھی مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔

تاہم ابھی بہت سا کام کرنا باقی ہے۔ افریقہ اور یورپ مقررہ ہدف کی طرف پوری رفتار سے آگے نہیں بڑھ رہے۔ ایچ آئی وی سے ٹی بی کے مرض میں اضافہ ہوتا ہے۔ ایچ آئی وی میں مبتلا مریضوں میں ٹی بی کا مرض پایا جانا اور اس سے موت واقع ہونے کی شرح سابقہ اندازے کے مقابلے میں دوگنا زیادہ ہے۔ ٹی بی کی ایک شکل ایم ڈی آر ٹی بی ہے، جو ٹی بی کنٹرول کی سالہا سال کی کوششوں کے لئے خطرہ بنی ہوئی ہے کیونکہ اس کیلئے مختلف قسم کے اور زیادہ مہنگے علاج کی ضرورت ہوتی ہے۔ ٹی بی کی تشخیص کے نئے طریقوں، علاج کے بہتر انتظامات اور لوگوں میں زیادہ شعور پیدا کرنا اس مرض کی بروقت تشخیص اور علاج کے لئے بڑی اہمیت رکھتا ہے۔

امریکہ ٹی بی کے خطرے کے خلاف اپنے تمام شراکت دار ملکوں کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کا پورا عزم رکھتا ہے۔ امریکہ کے لوگوں نے 2002 سے اب تک اس مقصد کے لئے عالمی فنڈ کو 3.3 ارب ڈالر کے عطیات دیئے ہیں۔ عالمی فنڈ 91 ملکوں میں ٹی بی کی گرانٹ کے فیز 1 اور فیز 2 کے لئے تقریباً 1.71 ارب ڈالر منظور کر چکا ہے۔ عالمی فنڈ کی مدد سے ٹی بی کے 3.9 ملین مریضوں کا علاج کیا جا چکا ہے۔

امریکہ ٹی بی کے خاتمے کے لئے دوطرفہ بنیاد پر امداد دینے والا سب سے بڑا ملک ہے۔ 1998 سے اب تک امریکہ ٹی بی کنٹرول پروگراموں کے لئے 777 ملین ڈالر سے زائد رقم دے چکا ہے۔ امریکہ عالمی فنڈ کے ٹی بی کنٹرول کے اُس پروگرام کے لئے بھی امداد دینے والے بڑے ملکوں میں شامل ہے، جس کا مقصد ٹی بی کی اعلیٰ معیار کی ادویات کی فراہمی ہے۔ اس پروگرام کے لئے امریکہ نے 2008 میں تقریباً 15 ملین ڈالر فراہم کئے۔ امریکی لوگوں کی طرف سے زندگی بچانے والی اس امداد کی بدولت 450,000 سے زیادہ مریضوں کو فائدہ پہنچے گا۔

تپ دق کے عالمی دن کے موقع پر امریکہ اپنے اس عہد کی تجدید کرتا ہے کہ وہ دوسرے ملکوں اور عالمی برادری کے ساتھ مل کر ٹی بی کے خاتمے کے عالمی منصوبے کو کامیاب بنانے کے لئے کام کرتا رہے گا۔ دنیا کے کروڑوں لوگوں کی زندگیوں کا دارومدار حقیقی بین الاقوامی تعاون پر ہے۔

Sixth grader Amber Fontecchio adds mulch to an Autumn Blaze Maple at the Superior, Wis. Middle School Tuesday, June 6, 2006, to celebrate Arbor Day. (AP Photo)

جماعت ششم کی ایک طالبعلم اپنے اسکول میں یومِ آربر کے موقع پر

Celebrating 'Arbor Day'

یوم آربر

In the 1840s, the Midwestern state of Nebraska was a territory within a wide prairie. When pioneers moved out to settle there, they found few trees to build houses or to burn for fuel. There was no shade from the sun or wind, and crops did not grow well in the dry earth.

J. Sterling Morton was one of those pioneers who moved to the treeless Nebraska territory. He and his wife planted trees immediately after moving from their home town of Detroit, Michigan. Morton was a journalist, and later the editor, for Nebraska's first newspaper. In his writings he advocated planting trees to help life on this vast barren plain.

He became the secretary of the Nebraska Territory. At a meeting of the State Board of Agriculture in January 1872, Morton proposed

1840 کے عشرے میں امریکہ کی وسط مغربی ریاست نیبراسکا ایک ایسا وسیع و عریض علاقہ تھا، جو درختوں سے خالی تھا اور جسے ابھی ریاست کا درجہ حاصل نہیں ہوا تھا۔ جب نئے آبادکار اس علاقے میں پہنچے تو یہاں درختوں کی کمی تھی، جو انھیں مکان بنانے اور ایندھن کی لکڑی حاصل کرنے کے لئے درکار تھے۔ اسی طرح دھوپ اور آندھی سے بچنے کے لئے کوئی آڑ یا سایہ موجود نہیں تھا۔ خشک زمین پر فصلیں بھی اچھی طرح نہیں اگتی تھیں۔

جے۔ اسٹرلنگ مارٹن ان اولین آبادکاروں میں شامل تھے، جو درختوں سے محروم نیبراسکا کے علاقے میں آئے تھے۔ مارٹن اور ان کی بیوی ڈیٹرائٹ، مشی گن کے اپنے آبائی قصبے سے یہاں آئے تھے۔ انھوں نے یہاں آتے ہی درخت کاشت کرنا شروع کر دیئے۔ مارٹن ایک صحافی تھے، جو بعد میں نیبراسکا کے پہلے اخبار کے ایڈیٹر بھی بنے۔ انھوں نے اپنی تحریروں میں وسیع بنجر زمین پر درخت لگانے

that citizens of the new state of Nebraska set aside April 10 as a day to plant trees. Settlers and homesteaders were urged to plant trees to provide "shade, shelter, fruit, fuel and beauty" for residents of the largely treeless plains. He suggested offering prizes as incentives for communities and organization that planted the most trees properly. Everyone welcomed the idea enthusiastically. Nebraskans planted about one million trees on that first Arbor Day. Today a visitor to Nebraska would never guess that it was once a dusty prairie.

In 1882, Nebraska declared its own Arbor Day as a legal holiday and the date was changed to Morton's birthday, April 22. In 1970, President Richard Nixon proclaimed the last Friday in April as National Arbor Day.

Today almost every state celebrates an Arbor day but because the best tree-planting season changes from region to region, some states observe the day on different dates. Hawaiians, for example, plant Arbor Day trees on the first Friday in November. National Arbor Day is c elebrated on the last Friday in April. In Maryland, Arbor Day is the first Wednesday in April. Every day you plant or appreciate a tree is Arbor Day!

Today, Arbor Day is also celebrated in other countries. For instance, variations are celebrated as "Greening Week" of Japan, "The New Year's Days of Trees" in Israel, "The Tree-loving Week" of Korea, "The Reforestation Week" of Yugoslavia, "The Students' Afforestation Day" of Iceland, and "The National Festival of Tree Planting" in India.

J. Sterling Morton was proud of the success of Arbor Day and noted, "Other holidays repose upon the past. Arbor Day proposes for the future." He thought trees much superior to cold marble as a memorial to persons or events. "How much more enduring are the animate trees of our own planting," he said.

Secretary of State Hillary Clinton and children plant tree to celebrate Arbor Day. (AP Photo)

وزیرِ خارجہ ہیلری کلنٹن اور بچے یومِ آربر کے موقع پر

کی اہمیت اور ضرورت واضح کی۔

وہ نیبراسکا کے علاقے کے سیکریٹری بھی مقرر ہوئے۔ جنوری 1872 میں ریاست کے زرعی بورڈ کے اجلاس میں مارٹن نے تجویز پیش کی کہ نیبراسکا کی نئی ریاست کے شہری 10 اپریل کا دن درخت کاشت کرنے کے دن (یوم آربر) کے طور پر مخصوص کریں۔ اس تجویز کے تحت نوآبادکاروں پر زور دیا گیا کہ وہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں، جس سے خالی میدانوں میں لوگوں کو سایہ، پناہ، پھل، ایندھن اور قدرتی حسن جیسی نعمتیں ملتی ہیں۔ مارٹن نے ایسے لوگوں اور تنظیموں کے لئے انعام دینے کی بھی تجویز پیش کی، جو سب سے زیادہ اور منظّم طریقے سے درخت لگائیں گے۔ ہر ایک نے اس تجویز کی زبردست تائید کی۔ نیبراسکا کے لوگوں نے پہلے یوم آربر پر تقریباً دس لاکھ پودے لگائے۔ آج نیبراسکا آنے والا کوئی شخص تصور بھی نہیں کرسکتا کہ یہ علاقہ کبھی درختوں سے خالی تھا۔

1882 میں نیبراسکا نے یوم آربر کو باقاعدہ تعطیل کے طور پر منانے کا اعلان کیا اور یہ تاریخ مارٹن کی سالگرہ کی مناسبت سے 22 اپریل مقرر کی گئی۔ 1970 میں صدر رچرڈ نکسن نے اپریل کے آخری جمعہ کو قومی ''یوم آربر'' قرار دے دیا۔

اب تقریباً ہر ریاست یوم آربر مناتی ہے، لیکن چونکہ شجرکاری کا بہترین موسم مختلف علاقوں میں مختلف ہوتا ہے، اس لئے بعض ریاستوں میں یہ دن ایک دوسرے سے مختلف تاریخوں پر منایا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر ہوائی میں یوم آربر نومبر کے پہلے جمعے کو منایا جاتا ہے۔ قومی یوم آربر اپریل کے آخری جمعے کو منایا جاتا ہے۔

میری لینڈ میں یوم آربر اپریل کے پہلے بدھ کو ہوتا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ آپ جس دن بھی کوئی پودا لگاتے ہیں، وہ یوم آربر ہوتا ہے!

یوم آربر مختلف ناموں سے دوسرے ملکوں میں بھی منایا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر جاپان میں ''ہفتہ شجرکاری'' اسرائیل میں ''شجرکاری کا سال نو'' آئس لینڈ میں ''طلبا کا یوم شجرکاری'' اور ہندوستان میں ''شجرکاری کی قومی مہم'' کے طور پر یوم آربر منایا جاتا ہے۔

جے۔ اسٹرلنگ مارٹن یوم آربر کی کامیابی پر بہت فخر محسوس کرتے تھے۔ انھوں نے کہا تھا ''باقی تعطیلات کا تعلق ماضی سے ہوتا ہے۔ یوم آربر کا تعلق مستقبل سے ہے۔ درخت سنگ مرمر سے کہیں اعلیٰ رتبہ رکھتے ہیں۔ افراد اور واقعات کی یادگار کے طور پر درختوں کو سنگ مرمر کی بے جان سِلوں پر فوقیت حاصل ہے۔ ہمارے اپنے ہاتھ سے لگائے ہوئے درخت ہماری جیتی جاگتی یادگار ہوتے ہیں۔''

Bridging the **Digital Divide**

کمپیوٹر ٹیکنالوجی تک رسائی کی خلیج پاٹنے کی کوشش

Umair and Abdullah are seen on an early Friday morning carrying two trunk-like boxes that hold five laptops each. They call this their Mobile ICT Centre which they have carried to a government school located in a poor community of Karachi. Here the two young men will spend 4-5 hours working with their 45 younger counterparts; teaching and training them on ICT using their mobile ICT Centre. Umair and Abdullah are two college students, one from Sanghar and the other from Malir (Karachi), and have had the experience of participating in the iEARN Youth Exchange and studies program of 2006-2007.

عمیر اور عبداللہ جمعہ کی صبح سویرے ٹرنک نما دو بکس اٹھائے دکھائی دیتے ہیں جن میں سے ہر ایک میں پانچ لیپ ٹاپ ہوتے ہیں۔ وہ انہیں اپنے 'موبائل آئی سی ٹی سینٹر' قرار دیتے ہیں جو وہ کراچی کی ایک غریب آبادی میں واقع ایک سرکاری سکول میں لیکر جاتے ہیں۔ سکول میں دونوں اپنے 45 نوجوان ساتھیوں کے ساتھ چار سے پانچ گھنٹے گزارتے ہیں اور اس دوران انہیں اپنے 'موبائل آئی سی ٹی سینٹرز' کے ذریعے آئی سی ٹی کی تربیت دیتے ہیں۔ عمیر اور عبداللہ دونوں کالج کے طالب علم ہیں۔ ایک کا تعلق سانگھڑ اور دوسرے کا ملیر، کراچی سے ہے۔ دونوں کو iEARN تبادلہ پروگرام میں

They are now volunteering to share their technical skills with other students during their spare time as part of the iEARN Community Service and Volunteering program.

iEARN Centre-Pakistan has worked closely with the City District Government, NGOs, schools, and youth groups to provide exciting learning opportunities for young people and educators. Syed Mehdi (the iEARN YES Alumni officer and 4th year business student) felt that the challenges of the 21st century require students to be active and engaged learners with full commands of technology for life and work. Presently in Karachi, many small schools and youth clubs have zero or limited access to computers and other forms of technology. The lack of internet access is another big issue in these schools despite eagerness of the students to explore the online world. As a response to theses needs, Syed with the support from the iEARN team, came up with this unique project aimed at providing students and teachers from underprivileged schools with free access to technology and an opportunity to connect to world using the mobile connectivity.

Academic Year in the United States of America (AYUSA) is the consortium leader for the YES program and has offered to provide funding to help establish the first mobile ICT center run by the iEARN YES Alumni. This mobile ICT Center is comprised of laptops that are networked and connected to access fast speed internet through a modem and router. The Mobile ICT Centre is taken to schools or wherever participating students gather. Students participate in structured activities focusing a wide range of curriculum areas including social sciences, English, and creative arts. The program is currently piloted in the schools run by the City District Government of Karachi.

iEARN Centre-Pakistan has designed and developed a set of ICT-based project resource materials complete with activities and instructions in Urdu especially designed for mobile ICT centers. The project is aimed at providing more than 1000 students every 3-4 months with exposure to computers, the internet and other technological advances. Students also connect with other students around the world participating in similar iEARN programs.

(Submitted by: The U.S. Consulate in Karachi)

شرکت کا موقع مل چکا ہے۔ اب وہ iEARN کے معاشرتی اور رضا کارانہ خدمات کے پروگرام کے تحت اپنے فارغ وقت میں دوسرے طلبا کو رضا کارانہ طور پر فنی تربیت فراہم کرتے ہیں۔

iEARN سینٹر پاکستان نے نوجوانون اور اساتذہ کو تعلیم و تربیت کے مواقع فراہم کرنے کیلئے شہر کی ضلعی حکومت، غیر سرکاری تنظیموں، سکولوں اور نوجوانوں کے ساتھ مل کر کام کیا ہے۔ سید مہدی نے (جو iEARN تبادلہ پروگرام کے افسر اور چار سالہ بزنس کورس کے طالب علم ہیں) یہ بات محسوس کی کہ اکیسویں صدی طلبا سے اس بات کی متقاضی ہے کہ وہ سرگرمی سے کام کریں اور اپنی زندگی اور کام کیلئے خود کو ٹیکنالوجی کا پورا علم حاصل کرنے کیلئے وقف کر دیں۔ فی الوقت کراچی کے کئی چھوٹے سکولوں اور کلبوں میں کمپیوٹر اور دوسری ٹیکنالوجی کی سہولتیں یا تو میسر نہیں یا بہت محدود ہیں۔ آن لائن دنیا کا جائزہ لینے کے طلبا کے ذوق وشوق کے باجود سکولوں میں انٹرنیٹ کی سہولت دستیاب نہیں جو ایک اور بڑا مسئلہ ہے۔ ان ضروریات کو پورا کرنے کیلئے سید مہدی نے iEARN ٹیم کے تعاون سے یہ منفرد منصوبہ شروع کیا جس کا مقصد غیر مراعات یافتہ سکولوں کے طلبا اور اساتذہ کو ٹیکنالوجی تک رسائی اور موبائل رابطے کے ذریعے انٹرنیٹ کی سہولت مفت فراہم کرنا ہے۔

اکیڈمک ایئر ان دی یونائیٹڈ اسٹیٹس (AYUSA)، تبادلے کے پروگرام YES کیلئے کنسورشیم لیڈر کا کردار ادا کرتا ہے جس میں iEARN تبادلہ پروگرام کے تحت پہلے موبائل آئی سی ٹی سینٹر کے قیام کیلئے مالی امداد کی پیش کش کی گئی۔ یہ سینٹر ایسے لیپ ٹاپس پر مشتمل ہے جن کا نیٹ ورک، موڈیم اور راؤٹر کے ذریعے تیز رفتار انٹرنیٹ سے منسلک ہے۔ یہ موبائل سینٹر سکولوں میں یا ایسی جگہوں پر لے جائے جاتے ہیں جہاں طلبا جمع ہوں۔ ان کے ذریعے طلبا منظم سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں جن میں سماجی علوم، انگریزی اور تخلیقی فنون سمیت کئی نصابی شعبوں پر توجہ دی جاتی ہے۔ اس وقت کراچی کی ضلعی حکومت سکولوں میں اس پروگرام پر آزمائشی بنیادوں پر عمل درآمد کر رہی ہے۔

iEARN سینٹر پاکستان نے آئی سی ٹی پر مبنی منصوبے بالخصوص موبائل آئی سی ٹی سینٹرز کیلئے کئی طرح کا مواد تیار کیا جس میں مختلف سرگرمیاں اور اردو میں ہدایات شامل کی گئی ہیں۔ اس منصوبے کا مقصد ہر تین سے چار ماہ تک 1,000 سے زائد طلبا کو کمپیوٹر، انٹرنیٹ اور دیگر جدید فنی آلات کے استعمال کی سہولت فراہم کرنا ہے۔ اس سے طلبا کو iEARN پروگرام میں حصہ لینے والے دنیا کے دوسرے ملکوں کے طالب علموں سے انٹرنیٹ کے ذریعے رابطہ قائم کرنے کی سہولت بھی میسر آتی ہے۔

(فراہم کردہ امریکی قونصل خانہ کراچی)

World Wetlands Day 2009

دلدلی علاقوں کا دن 2009

Special Children Visit Wetland Center in Karachi

خصوصی بچوں کا دلدلی علاقوں کے کراچی مرکز کا دورہ

To mark the World Wetlands Day 2009, Lincoln Corner Karachi arranged a study tour for 70 special needs children from the Pakistan Association of Deaf and the Pakistan Navy M. A. Rangoonwala School to WWF Wetland Center, Sandspit Beach, on February 10.

The Project Manager, WWF, Mr. Ali Hasnain, briefed the participants about the WWF Indus and the Wetlands Day. A video entitled, "Struggle for Life" depicting the life and challenges of the Green Turtle was also shown to the participants on the occasion.

As the participants were physically challenged children, the tour, presentations and movie showing were supplemented by sign language performed by Mr. Aqeel-ur-Rehman from PAD. A quiz competition based on information from the movie was also held and the winners were given prizes. Two randomly selected students shared their learning experience with their fellow participants. Students from PNMAR School also participated in a poster competition. Another highlight of the program was a tableau performed by the children.

The activity emphasized the U.S. government's strong support for the preservation of wetlands around the world and to renew the pledge to conserve these unique and threatened ecosystems.

It also provided an opportunity for the challenged segment of society to explore and to learn the importance of wetlands for the world's ecological health and various approaches to conserving these invaluable habitats.

2009 کے دلدلی علاقوں کے دن کے موقع پر لنکن کارنر کراچی نے 10 فروری کو سماعت سے محروم 70 خصوصی بچوں کو ڈبلیو ڈبلیو ایف ویٹ لینڈ سنٹر، سینڈ سپٹ بیچ کی سیر کرائی۔ ان بچوں کا تعلق پاکستان ایسوسی ایشن آف ڈیف اور پاکستان نیوی ایم اے رنگون والا اسکول سے تھا۔

ڈبلیو ڈبلیو ایف کے پروجیکٹ منیجر علی حسنین نے بچوں کو دریائے سندھ اور دلدلی علاقوں کے دن کے بارے میں بریفنگ دی۔ بچوں کو سبز کچھوے کی زندگی کے بارے میں ایک ویڈیو فلم "اسٹرگل فار لائف" بھی دکھائی گئی۔

چونکہ تمام بچے سماعت سے محروم تھے، اس لئے ان کے مطالعاتی دورے میں اس بات کا بھی انتظام کیا گیا کہ پریزنٹیشن اور وڈیو فلم کے ساتھ ساتھ اشاروں کی زبان سے بھی ان تک معلومات پہنچائی جائیں۔ پاکستان ایسوسی ایشن آف ڈیف کے عقیل الرحمٰن نے اشاروں کی زبان میں معلومات کی وضاحت کی۔ وڈیو سے حاصل ہونے والی معلومات پر مبنی ذہنی آزمائش کا مقابلہ بھی کرایا گیا، اور جیتنے والے بچوں کو انعامات دیئے گئے۔ دو منتخب بچوں نے اپنے دوسرے ساتھیوں کو مطالعاتی دورے سے حاصل ہونے والی معلومات سے آگاہ کیا۔ پی این ایم اے آر اسکول کے طلبا نے پوسٹروں کے مقابلے میں بھی حصہ لیا۔ پروگرام کی ایک اور خاص بات بچوں کی طرف سے پیش کردہ ٹیبلو تھا۔

یہ مطالعاتی دورہ اس حقیقت کا آئینہ دار تھا کہ حکومت امریکہ دنیا بھر میں دلدلی علاقوں کے تحفظ کی زبردست حامی ہے اور چاہتی ہے کہ ان علاقوں کے نادر قدرتی ماحول کی حفاظت کی جائے کیونکہ اس کے ختم ہونے کا خطرہ موجود ہے۔ مطالعاتی دورے سے معذور بچوں کو عالمی ماحول کے لئے دلدلی علاقوں کی اہمیت سے آگاہی حاصل ہوئی اور انھیں یہ بھی معلوم ہوا کہ ان علاقوں کی حفاظت کے لئے کیا کوششیں ہو رہی ہیں۔

American Diplomat Visits NICH on World Tuberculosis Day

تپ دق کے عالمی دن کے موقع پر امریکی سفارتکار کا بچوں کی صحت کے قومی ادارے کا دورہ

The Branch Public Affairs Officer of U.S. Consulate Karachi, Tracy Brown, visited the National Institute of Child Health and gave away 1000 milk packs on behalf of the U.S. government for the children admitted there for treatment.

The visit also coincided with the World Tuberculosis Day which was being observed at the NICH by NGO Sada Welfare Foundation. On the occasion, the American diplomat was briefed about the activities of the foundation by its Chairperson, Fawzia Siddiqui. Assistant Professor Dr. Khalid presented an update analysis on the current state of tuberculosis in the country and methods through which it could be prevented.

BPAO Tracy Brown also distributed gifts, donated by the Foundation's members, among the sick children. She was also shown round the neo-natal unit and the hospital's blood bank.

بچوں کی صحت کے قومی ادارے میں نومولود بچوں کے یونٹ کا دورہ

تپ دق کے ایک مریض بچے کو تحفہ دیتے ہوئے

امریکی قونصل خانہ کراچی کی امور عامہ کے شعبے کی افسر ٹریسی براؤن نے بچوں کی صحت کے قومی ادارے کا دورہ کیا اور امریکی حکومت کی طرف سے ادارے میں زیر علاج بچوں کیلئے دودھ کے ایک ہزار پیکٹ دیئے۔

یہ دورہ ایسے موقع پر بھی کیا گیا جب ادارے میں ایک غیر سرکاری تنظیم سدا ویلفیئر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام تپ دق کا عالمی دن منایا جا رہا تھا۔ فاؤنڈیشن کی چیئر پرسن فوزیہ صدیقی نے اس موقع پر امریکی سفارتکار کو تنظیم کی سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔ اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر خالد نے ملک میں تپ دق کی موجودہ صورتحال کے بارے میں ایک تجزیاتی مقالہ پیش کیا اور ایسے طریقے بتائے جن سے اس مرض پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

ٹریسی براؤن نے تنظیم کے ارکان کی طرف سے عطیے کے طور پر دیئے گئے تحائف بیمار بچوں میں تقسیم کیے۔ انہیں ادارے کا نومولود بچوں کا یونٹ اور بلڈ بنک بھی دکھائے گئے۔

Book of the Month

منتخب کتاب

"Highlighting books found in the IRC's and Lincoln Corners around Pakistan"



Book Title: Nature and the Environment in Nineteenth-Century American Life

Author: Brian Black

Publishing: Greenwood Press (2006), Hardcover, 264 pages. ISBN 0313332010 / 9780313332012

Description:

The nineteenth-century saw a significant transformation in the United States. In one short century, the nation had seen the populating of the Great Plains and West, the decimation of native Indian tribes, the growth of national transportation and communication networks, and the rise of major cities. The century also witnessed the destruction of the nation's forests, battles over land and water, and the ascent of agribusiness. With these changes in resource use patterns and values came a concordant shift in attitudes toward nature. Conservation and preservation emerged as watchwords for the 1900s. The century that started with an attitude of environmental "conquest" thus ended by embracing conservation and a new environmental awareness. Nature and the Environment in Twentieth-Century America addresses a wide variety of the environmental issues that impacted the lives of people of all classes, races, and regions.

Location:

Lincoln Corner Peshawar
at the University of Peshawar, NWFP

Lincoln Corner Peshawar is a partnership program between the University of Peshawar and the U.S. Mission in Pakistan. The Lincoln Corner offers a wealth of information about the United States and includes a reference library, information center, and meeting place for people interested in American history, society, and culture. Located in the central library of University of Peshawar, Pakistan's flagship Lincoln Corner was opened to the public in February 2006.

University of Peshawar
Central Library Peshawar
Phone: 091-5846626
Email: lc.peshawar@gmail.com

"میگزین کے اس حصے میں پاکستان بھر میں آئی آر سیز اور لنکن کارنرز میں موجود کتابوں کو اجاگر کیا جاتا ہے۔"

کتاب کا عنوان: انیسویں صدی کی امریکی زندگی میں فطرت اور ماحول

مصنف: برائن بلیک

ناشر: گرین ووڈ پریس (2006)، مضبوط جلد، 214 صفحات،

ISBN 0313332010/9780313332012

تبصرہ:

امریکہ میں انیسویں صدی کے دوران نمایاں تبدیلی دیکھنے میں آئی۔ اسی ایک صدی میں ملک کے میدانی علاقے گریٹ پلینس اور مغربی حصے کی آبادی میں اضافہ ہوا، مقامی انڈین قبائل کا قتل عام ہوا، رسل و رسائل اور مواصلات کے قومی نظاموں کو ترقی ملی اور بڑے بڑے شہر ابھرے۔ اس صدی میں قومی جنگلات کی تباہی کے علاوہ زمین اور پانی پر لڑائیاں بھی دیکھنے میں آئیں اور زراعت پر مبنی کاروبار کو فروغ حاصل ہوا۔ وسائل استعمال میں لانے کے انداز میں اس تغیر کے باعث فطری ماحول کے بارے میں رویوں میں یکساں تبدیلی آئی۔ 'تحفظ اور بچاؤ' انیسویں صدی کا نعرہ بن گیا۔ صدی کا آغاز تو ماحولیاتی غلبہ حاصل کرنے کے رویے سے ہوا لیکن اختتام پر ماحول کے تحفظ اور نئے ماحول کیلئے شعور اجاگر کرنے کی کوششیں شروع کر دی گئیں۔ بیسویں صدی کے امریکہ میں فطرت اور ماحول کے بارے میں تبدیلیوں کی وجہ سے کئی طرح کے ماحولیاتی مسائل حل ہوئے جس سے تمام طبقوں، نسلوں اور علاقوں کے لوگوں کی زندگی پر خوشگوار اثرات مرتب ہوئے۔

محل وقوع: لنکن کارنر، پشاور یونیورسٹی، صوبہ سرحد

لنکن کارنر پشاور، یونیورسٹی آف پشاور اور پاکستان میں امریکی مشن کے درمیان ایک شراکتی پروگرام ہے۔ اس میں امریکہ کے بارے میں معلومات کا خزانہ موجود ہے اور یہ ایک ریفرنس لائبریری، مرکز اطلاعات اور امریکی تاریخ، معاشرے اور ثقافت میں دلچسپی رکھنے والے افراد کیلئے ملاقات کی ایک جگہ پر مبنی ہے۔ یونیورسٹی آف پشاور کی مرکزی لائبریری میں واقع پاکستان کا یہ انتہائی اہم لنکن کارنر فروری 2006 میں لوگوں کیلئے کھولا گیا۔

یونیورسٹی آف پشاور
سینٹرل لائبریری۔ پشاور
فون: 091-5846626
ای میل: lc.peshawar@gmail.com

Alumni Connect

دیرینہ تعلق

"Highlighting past participants of U.S. Government sponsored fellowships, exchanges and grants"

Participant's Name:
Zarmina Rafiq
Biographical Sketch:
Ms. Rafiq works as a councilor and as a project coordinator for the NGO, PAIMAN. PAIMAN is working to improve the condition of women and children in the Northwest Frontier Province. She actively advocates for women's rights and interests with elected officials, coordinating grassroots efforts to organize women to vote and be involved in their communities.

Program Name:
Community Approaches to Social Issues

Program Date:
November 14 – December 5, 2008

Number of Participants:
Eight

Countries Represented:
Nepal, India, Pakistan, Sir Lanka, and Afghanistan

Places Visited:
Washington, D.C., Salt Lake City, Utah, Freeport, IL, Chicago, IL, Atlanta, GA

What part of program did you enjoy the most (and why)?:

a) Home Hospitality – Our stay was in Freeport, IL, where we really enjoyed the unique and new event of Thanksgiving with an American family at their home at a farmhouse. The family had been foster parents in the past and they were really very loving and caring. We saw their cows which were hundreds in number and they also showed us the process of their milking and feeding and new technology used for their care. We got so much information about how these families lived in their homes and what was their routine. It was really a treat for me.

b) Visiting Chicago – Chicago was "the most beautiful city I have ever visited. The beauty of this city is the diverse weather and the diverse communities living there."

''امریکی حکومت کے زیرِاہتمام فیلو شپ، تبادلے اورگرانٹس پروگرام کے سابق شرکاء کا تعارف''

پروگرام میں شرکت کرنے والے کا نام:
زرینہ رفیق

شخصی خاکہ:
زرینہ رفیق، کونسلر ہیں ور ایک غیر سرکاری تنظیم 'پیان' میں پراجیکٹ کوآرڈینیٹر کے طور پر کام کرتی ہیں۔ 'پیان'، صوبہ سرحد میں خواتین اور بچوں کی حالت بہتر بنانے کیلیئے سرگرم عمل ہے۔ وہ منتخب نمائندوں کے سامنے خواتین کے حقوق اور ان کے مفادات کی سرگرمی سے وکالت کرتی ہیں اورخواتین کی ووٹنگ اور انہیں معاشرتی کاموں میں شریک کرنے کیلیئے نچلی سطح پر کی جانے والی کوششوں کومربوط بناتی ہیں۔

پروگرام کا نام:
سماجی مسائل سے نمٹنے کا معاشرتی طریقہ کار

پروگرام کی تاریخ:
14 نومبر سے 5 دسمبر 2008

پروگرام کے شرکاء کی تعداد
8

کن ملکوں کے نمائندوں نے شرکت کی؟
نیپال، بھارت، پاکستان، سری لنکا اور افغانستان

کن مقامات پر گئے؟
واشنگٹن ڈی سی، سالٹ لیک سٹی، یوٹا، فری پورٹ، الینوئے، شکاگو، الینوئے، اٹلانٹا، جارجیا

پروگرام کے کس حصے میں آپ کو زیادہ مزہ آیا اور کیوں؟

الف) گھر میں مہمان نوازی۔ فری پورٹ، الینوئے میں ہم نے قیام کیا، جہاں ایک امریکی خاندان کے ساتھ ان کے فارم ہاؤس میں یوم شکرانہ کا منفرد اور نیا تہوار منا کر ہمیں حقیقی مزہ آیا۔ میزبان میاں بیوی نے ماضی میں لے پالک بچوں کو پروان چڑھایا تھا اور وہ حقیقی معنوں میں بہت پیار کرنے اور دیکھ بھال کرنے والے تھے۔ ہم نے ان کی گائیں دیکھیں جو سینکڑوں کی تعداد میں تھیں۔ انہوں نے دودھ دوہنے، گائیوں کو چارہ ڈالنے کے طریقہ اور نئی ٹیکنالوجی دکھائی جو ان کی دیکھ بھال کیلیئے استعمال کی جاتی تھی۔ ہمیں ایسے گھروں میں لوگوں کے رہن سہن اور ان کی روزمرہ زندگی کے بارے میں بہت سی معلومات حاصل ہوئیں۔ درحقیقت یہ میرے لئے ایک تفریح تھی۔

ب) شکاگو کی سیر۔ شکاگو، انتہائی خوبصورت شہر ہے۔ اس طرح کا شہر میں نے پہلی بار دیکھا۔ شہر کی خوبصورتی، بدلتا ہوا موسم اور وہاں مقیم مختلف رنگ و نسل کی آبادیاں ہیں۔

Alumni Connect

PELI Graduate Named
Alumni of the Month
by U.S. State Department

From left to right: PSU President Sara Jayne Steen, Saima Khusro, and PELI director Blakeman Allen.

بائیں سے دائیں
PSU کی صدر سارہ جین سٹین، صائمہ خان
اورPELI کی ڈائریکٹر بلیک مین ایلن

Pakistani Teacher Saima Khusro is an Environmental Advocate

A Pakistani teacher who participated in Plymouth State University's (PSU) Pakistani Educational Leadership Institute program has been named Alumni of the Month by the U.S. Department of State's Office of Citizen Exchanges in the Bureau of Educational and Cultural Affairs. Saima Khusro is a science teacher at F. G. Girls Model School, an all-girls high school in Islamabad, Pakistan. Recognized for her leadership capabilities, Khusro was selected to spend a month learning about the American educational system at PSU. Khusro shared expertise and experience working as a high school teacher in Pakistan with her American counterparts during her four-week stay at PSU last summer.

پاکستانی ٹیچر صائمہ خسرو ماحولیاتی تحفظ کی علمبردار ہیں

پاکستان کی ایک ٹیچر کو، جنھوں نے پلی ماؤتھ سٹیٹ یونیورسٹی کے پاکستان ایجوکیشنل لیڈرشپ انسٹیٹیوٹ پروگرام میں شرکت کی، امریکی محکمہ خارجہ کے بیوروآف ایجوکیشنل اینڈ کلچرل افیئر ز میں شہریوں کے تبادلہ دفتر نے پروگرام کی بہترین شریک نامزد کیا ہے۔ صائمہ خسرو، اسلام آباد میں ایف جی گرلز ماڈل سکول میں سائنس ٹیچر ہیں۔خسرو کی قائدانہ صلاحیتوں کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں پلی ماؤتھ سٹیٹ یونیورسٹی میں امریکی تعلیمی نظام کے بارے میں ایک ماہ کے کورس میں شرکت کیلئے منتخب کیا گیا۔خسرو نے پچھلے موسم گرما میں یونیورسٹی میں چار ہفتے قیام کے دوران ایک پاکستانی ہائی سکول ٹیچر کی حیثیت سے اپنے تجربات اورمہارت کا تبادلہ اپنے امریکی ہم منصبوں سے کیا تھا۔

PELI تبادلے کے پروگرام میں شرکت کے بعد خسرو اپنے سکول واپس

امریکی محکمہ خارجہ کی طرف سے PELI پروگرام کی ایک

سابق شریک کی نامزدگی

Following her PELI exchange, Khusro established a Save the Environment Club at her school, implementing what she had learned at PSU.

The vision of Save the Environment Club is to "make the environment cleaner and healthier." Khusro encouraged the participating students to become active and environmentally aware during the nine-week project, emphasizing the importance of reusing materials, environmental preservation, conservation and by raising community awareness.

"Khusro's accomplishments illustrate the importance of cross-cultural exchange programs," said Blakeman Allen, PELI's director. "She is a dynamic and dedicated educator who is passionate about opening up opportunities for her students and colleagues."

Khusro's experiences while at PELI provided the inspiration for the Save the Environment Club with its local to global focus on environmental stewardship. Khusro took her Save the Environment Club project to a global level by creating a website to document the entire project. Through the site, Khusro links grassroots educational initiatives in Pakistan with a global network of teachers.

Brandon Marc Higa of the U.S. Department of State said Khusro's work is impressive.

"The State Alumni Member of the Month competition is very competitive," Higa said. "I could not be happier that PELI, which is new to our alumni outreach, nominated a winner! Khusro was definitely the strongest contender from the start."

Last November, the Save the Environment Club was officially recognized by the Government of Pakistan. The club's formal inauguration ceremony was held by Professor Muhammad Rafique Tahir of the Ministry of Education.

Since her return to Pakistan, Khusro has remained in close contact with PSU serving as an alumni advisor. She actively participates in alumni meetings and shares her training with PELI alumni from other cohorts. Khusro will be involved with mentoring participants in the 2009 cohort of PELI participants.

پہنچیں جہاں انہوں نے 'سیو دی انوائرنمنٹ' کلب قائم کیا اور پلی ماؤتھ یونیورسٹی میں حاصل ہونے والی تعلیم کا استعمال کیا۔ سیو دی انوائرنمنٹ کلب کا مقصد 'ماحول کو زیادہ صاف اور بہتر بنانا ہے۔' خسرو نے اپنے ایک نو ہفتے کے منصوبے کے دوران شریک طالبات سے کہا کہ وہ زیادہ سرگرمی سے کام کریں اور ماحول کے بارے میں آگاہی حاصل کریں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ وہ اشیاء کو دوبارہ قابل استعمال بنائیں، ماحول کا تحفظ کریں اور اس بارے میں لوگوں میں شعور اجاگر کریں۔

PELI کی ڈائریکٹر بلیک مین ایلن نے کہا" خسرو کے کاموں میں مختلف ثقافتوں کے درمیان تبادلے کے پروگراموں کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے۔ وہ ایک ولولہ انگیز ماہر تعلیم ہیں اور انہوں نے خود کو اس شعبے کیلئے وقف کر رکھا ہے۔ وہ اپنی طالبات اور ساتھیوں کیلئے مواقع پیدا کرنے کا بھرپور جذبہ رکھتی ہیں۔"

PELI میں قیام کے دوران خسرو کو جو تجربات حاصل ہوئے تھے ان سے انہیں ماحول سے متعلق ملکی اور عالمی مسائل اجاگر کرنے کیلئے 'سیو دی انوائرنمنٹ کلب' جیسا منصوبہ شروع کرنے کی ترغیب ملی۔ خسرو نے ایک ویب سائٹ کی تخلیق کے ذریعے اپنے اس منصوبے کو عالمی سطح پر اجاگر کیا اور اس ویب سائٹ پر منصوبے کی تمام تفصیلات مہیا کیں۔ اس ویب سائٹ کے ذریعے خسرو، پاکستان میں نچلی سطح کے تعلیمی اداروں میں ماحولیاتی مسائل سے نمٹنے کی کوششوں کو، اساتذہ کے عالمی نیٹ ورک سے منسلک کرتی ہیں۔

امریکی محکمہ خارجہ کے برانڈن مارک ہیگا کا کہنا ہے کہ خسرو کا کام متاثر کن ہے۔

ہیگا نے کہا" تبادلہ پروگرام کے بہترین شریک کے انتخاب کیلئے محکمہ خارجہ کا طریقہ کار بہت کڑا ہے۔ اگر اس مقابلے میں PELI نے، جو ہمارے تبادلہ پروگراموں کے سلسلے کا نیا پروگرام ہے، اگر کسی اور کو کامیاب قرار دیا ہوتا تو مجھے زیادہ خوشی نہ ہوتی کیونکہ خسرو ابتدا ہی سے یقینی طور پر اس انتخابی عمل کی مضبوط ترین امیدوار تھیں۔"

گذشتہ نومبر میں حکومت پاکستان نے 'سیو دی انوائرنمنٹ کلب' کو سرکاری طور پر تسلیم کیا۔ وزارت تعلیم کے پروفیسر محمد رفیق طاہر نے کلب کے افتتاح کی باضابطہ تقریب کا اہتمام کیا۔

پاکستان واپسی کے بعد سے خسرو نے تبادلہ پروگرام کے ایک مشیر کے طور پر پلی ماؤتھ سٹیٹ یونیورسٹی سے رابطہ برقرار رکھا ہوا ہے۔ وہ تبادلہ پروگرام کے اجلاسوں میں سرگرمی سے شرکت کرتی ہیں اور پروگرام میں شرکت کرنے والے دیگر افراد سے PELI کے اپنے تجربات کا تبادلہ کرتی ہیں۔ 2009 میں اس پروگرام میں شرکت کرنے والوں کی مشاورت اور تربیت کیلئے خسرو کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔

Seize the Oppo

"Providing scholarship, exchange and grant opportunity information to the Pakistani People"

Fulbright Scholarship Competition 2010

Fulbright/USAID Master's Scholarship

This program funds graduate study in the United States for a Master's degree program. The program is funded by The United States Agency for International Development (USAID).All disciplines are eligible, except for clinical medicine, with priority given to Education, Educational Management, Agriculture, Health, Teaching of English, Journalism, and fields related to Economic Development. Eligible candidates will have either a four-year Bachelor's degree or a Bachelor's and Master's combination totaling 16 years of formal education from an accredited university. Recent graduates are strongly encouraged to apply, except for MBA applicants, who require 3 years of work experience.

Fulbright/HEC/USAID Ph.D. Scholarship

This program funds graduate study in the United States towards a Ph.D. degree. This may be coursework and/or research towards a Ph.D. or an entire program. Funding for this program is provided by the Higher Education Commission (HEC) of the Government of Pakistan as well as USAID. Eligible applicants will have a Master's, M. Phil. or comparable degree (a minimum of 18 years of formal education) from an accredited university.

Who is eligible for these scholarships?

Pakistani citizens with strong academic histories are eligible to apply. All disciplines - Sciences, Social Sciences, Arts, Humanities, Journalism, Business, Law - are welcome to apply, except clinical medicine. It is highly desirable that candidates have work experience in teaching, research, or the public sector in Pakistan. In addition to academic work, persons selected for Fulbright programs are expected to share information about Pakistani life and culture with their U.S. colleagues and with community groups in the U.S. On returning to Pakistan, Fulbright grantees are expected to share their U.S. experiences with colleagues and community groups in Pakistan. Successful candidates should be poised to assume a leadership position in their field and must be committed to returning and serving Pakistan.

When will the program begin?

Fall of 2010.

What do the grants fund?

The grants fund tuition, required textbooks, airfare, a living stipend, and health insurance. USEFP also assists with the visa application process.

Which program should I apply for?

Generally, applicants with 16 years of formal education should apply for the Master's; those with 18 years of education should apply for the Ph.D. Grants are awarded in the program considered most appropriate by USEFP.

Additional requirements?

The Graduate Record Examination (GRE) is required for all applicants.

فلبرائیٹ اسکالر شپ مقابلہ 2010

فلبرائیٹ /یو ایس ایڈ ماسٹرز اسکالرشپ

اس پروگرام کے تحت امریکہ میں ماسٹرز ڈگری کی تعلیم کے لئے مدد دی جاتی ہے۔ یہ پروگرام امریکہ کے بین الاقوامی ترقی کے ادارے یوایس ایڈ کی مدد سے چل رہا ہے۔ اس پروگرام میں کلینیکل میڈیسن کے سوا باقی تمام مضامین میں داخلہ لیا جاسکتا ہے۔ البتہ تعلیم، تعلیمی انتظام، زراعت، صحت، انگریزی زبان کی تدریس، صحافت اوران مضامین کوترجیح دی جاتی ہے، جن کا تعلق اقتصادی ترقی سے ہے۔ امیدواروں کے لئے ضروری ہے کہ وہ چار سالہ بیچلرز ڈگری یا بیچلرز اور ماسٹرز کی ڈگری رکھتے ہوں اورانھوں نے مجموعی طور پر کسی مستند یونیورسٹی سے 16 سال تک تعلیم حاصل کی ہو۔ جن گریجوایٹس نے حال ہی میں تعلیم مکمل کی ہو، انھیں خاص طور پر اس بات کی ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ اس پروگرام کے لئے درخواست دیں۔ البتہ ایم بی اے پروگرام کے امیدواروں کے لئے ضروری ہے کہ وہ 3 سال کا عملی تجربہ رکھتے ہوں۔

فلبرائیٹ ایچ ای سی /یو ایس ایڈ پی ایچ ڈی اسکالر شپ

اس پروگرام کے ذریعے امریکہ میں پی ایچ ڈی کی تعلیم کے لئے مدد دی جاتی ہے۔ یہ کورس کی صورت میں اور/یا پی ایچ ڈی کے لئے ریسرچ کی صورت میں یا مکمل پروگرام کی صورت میں ہوسکتا ہے۔ اس کے لئے اخراجات حکومت پاکستان کا اعلیٰ تعلیمی کمیشن اور یوایس ایڈ کی طرف سے فراہم کئے جاتے ہیں۔ امیدواروں کے لئے ضروری ہے کہ ان کے پاس ماسٹرز، ایم فِل یا اس کے برابر ڈگری ہو (انھوں نے کسی مستند یونیورسٹی سے کم ازکم 18 سال تک تعلیم حاصل کی ہو)۔

ان وظائف کے لئے اہلیت کی کیا شرائط ہیں؟

ایسے تمام پاکستانی شہری، جن کا تعلیمی ریکارڈ اچھا ہو، ان وظائف کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ کلینیکل میڈیسن کے سوا باقی تمام مضامین مثلاً سائنس، سوشل سائنس، آرٹس، عمرانیات، صحافت، بزنس، قانون وغیرہ کے لئے درخواست دی جاسکتی ہے۔ ایسے امیدواروں کو خاص طور پر ترجیح دی جاتی ہے، جو پاکستان میں سرکاری شعبے میں یا تدریس اور ریسرچ کے شعبے میں عملی تجربہ رکھتے ہوں۔

فلبرائیٹ پروگراموں کے لئے منتخب ہونے والے طلبا سے تعلیمی کام کے علاوہ یہ توقع بھی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے امریکی ساتھیوں اور دوسرے امریکیوں کو پاکستان کی تہذیب وثقافت کے بارے میں بتائیں گے۔ اس کے علاوہ جب وہ پاکستان واپس آئیں گے تو وہ اپنے ساتھیوں اور دوسرے پاکستانیوں کو امریکہ کے اپنے تجربے سے آگاہ کریں گے۔ کامیاب امیدواروں کو اس بات کے لئے تیار رہنا چاہئے کہ وہ اپنے اپنے شعبے میں قائدانہ کردار ادا کریں گے۔ انھیں لازماً پاکستان واپس آنا ہوگا اور پاکستان میں خدمات انجام دینا ہوں گی۔

پروگرام کب شروع ہوگا؟

2010 کے موسم خزاں میں۔

گرانٹس کے ذریعے کون کون سے اخراجات پورے کئے جاتے ہیں؟

گرانٹس کے ذریعے ٹیوشن فیس، نصابی کتب، ہوائی جہاز کا کرایہ، ضروریات زندگی اور صحت کے بیمے کے اخراجات پورے کئے جاتے ہیں۔ USEFP ویزا درخواست کی پروسسنگ میں بھی مدد دیتی ہے۔

مجھے کس پروگرام کے لئے درخواست دینی چاہئے؟

عام طور پر 16 سال کی روائتی تعلیم حاصل کرنے والے درخواست دہندگان کو ماسٹرز پروگرام کے لئے اور 18 سال کی تعلیم والوں کو پی ایچ ڈی کے پروگرام کے لئے درخواست دینی چاہئے۔ گرانٹ ایسے پروگرام کے لئے دی جاتی ہے، جسے USEFP سب سے زیادہ موزوں سمجھتی ہو۔

rtunity موقع سے فائدہ اٹھائیے

"پاکستانی عوام کیلئے سکالرشپ، تبادلے اور گرانٹ کے ایک موقع کے بارے میں معلومات"

Applicants must attach scores, or proof of registration with their application. The GRE must be taken before June 15. Applications received by the May 18 deadline with GRE scores will be given preference. On the GRE, a minimum score of 300 is required on each section of the examination, with a higher score on the section most applicable to your field of study. Applicants must also possess a high level of fluency in spoken and written English. Short-listed applicants will be required to take the TOEFL within two weeks of being short-listed. Applicants submitting a TOEFL score by the deadline will receive preference.

Please Note: All successful candidates are required to sign a contract with USEFP that binds them to return to Pakistan immediately after their program in the U.S. and serve the country for the number of years equivalent to the length of their scholarship program. This contract is redeemable on a year-for-year basis after returning to work in Pakistan, so that as long as a person fulfills the service requirement, he or she will pay nothing. Otherwise, a grantee will be legally liable for the cost of his or her scholarship program in the U.S. on a year-for-year basis.

Women, minorities, persons from FATA, FANA and other remote areas, and persons with disabilities are strongly encouraged to apply.

Who is ineligible?

Persons with a dual U.S/Pakistan nationality or who have a spouse, parent, fiancé or child over 18 years of age who is a U.S. citizen or permanent resident. Employees of the Fulbright organization or the The United States Educational Foundation in Pakistan or the U.S. Department of State and their spouses, fiancés, siblings, dependents, children and parents.

Employees of USAID or the HEC and their spouses, fiancés, siblings, dependents, children and parents are ineligible for programs funded by their agencies.

Application process & deadline

Original application with references and attested copies of supporting documentation along with one additional copy of the complete application must be received by USEFP at the address given below by 4:30 p.m. on May 18, 2009.

P.O. Box 1128, Islamabad 44000.
Email: fulbrightapps@usefpakistan.org
Phone: 051-11-11-USEFP(051-11-11-87337)
Fax: 051-2877095

مزید کون کون سے تقاضے پورے کرنا ہوتے ہیں؟

تمام امیدواروں کو گریجوایٹ ریکارڈ کا امتحان (GRE) دینا ہوتا ہے۔ امیدواروں کو چاہئے کہ اسکور یا رجسٹریشن کا ثبوت درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔ GRE ٹیسٹ 15 جون سے پہلے دیا جانا چاہئے۔ 18 مئی کی آخری تاریخ تک موصول ہونے والی درخواستوں کو، جن کے ساتھ GRE اسکور منسلک ہو، ترجیح دی جائے گی۔ جہاں تک GRE کا تعلق ہے، امتحان کے ہر سیکشن میں کم از کم 300 اسکور ہونا چاہئے، اور امیدوار جس مضمون میں داخلہ لینا چاہتا ہو، اس سیکشن میں اس کا اسکور سب سے زیادہ ہونا چاہئے۔ درخواست گزار کو انگریزی بولنے اور لکھنے پر اچھا عبور حاصل ہونا چاہئے۔ جن امیدواروں کا ابتدائی انتخاب کیا جائے گا، انھیں دو ہفتے کے اندر TOEFL کا ٹیسٹ دینا ہوگا۔ جو امیدوار مقررہ تاریخ تک TOEFL کا اسکور پیش کرے گا، اسے ترجیح دی جائے گی۔

یاد رکھئے! تمام کامیاب امیدواروں کو USEFP کے ساتھ کنٹریکٹ پر دستخط کرنا ہوں گے، جس میں امیدوار یہ یقین دہانی کرائے گا کہ وہ پروگرام کی تکمیل کے فوراً بعد پاکستان واپس آجائے گا اور اسکالرشپ پروگرام کے برسوں کے برابر پاکستان میں خدمات انجام دے گا۔ یہ کنٹریکٹ پاکستان میں اپنے کام پر واپس آنے کے بعد سال بہ سال کے حساب سے شمار ہوگا۔ گویا متعلقہ شخص جب تک خدمات انجام دیتا رہے گا، اس سے کچھ وصول نہیں کیا جائے گا۔ بصورت دیگر اسے امریکہ میں اسکالرشپ پروگرام کے اخراجات سال بہ سال کے حساب سے واپس ادا کرنا ہوں گے۔

خواتین، اقلیتوں، فاٹا، فانا اور دوسرے دور دراز علاقوں کے لوگوں اور معذور افراد کو خاص طور پر ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ اس پروگرام کے لئے درخواست دیں۔

خواتین، اقلیتوں، فاٹا، فانا اور دوسرے دور دراز علاقوں کے لوگوں اور معذور افراد کو خاص طور پر ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ اس پروگرام کے لئے درخواست دیں۔

کون لوگ درخواست نہیں دے سکتے؟

ایسے لوگ، جن کی امریکہ/پاکستان کی دہری شہریت ہو یا جن کا جیون ساتھی، ماں، باپ، منگیتر یا 18 سال سے زائد عمر کا بچہ امریکی شہری ہو یا وہاں مستقل سکونت رکھتا ہو نیز فلبرائیٹ ادارے کے ملازمین، یو ایس ایجوکیشنل فاؤنڈیشن، پاکستان کے ملازمین اور امریکہ کے محکمہ خارجہ کے ملازمین اور ان کے جیون ساتھ، منگیتر، بھائی، بہن، زیر کفالت افراد، بچے اور ماں باپ اس پروگرام کے لئے درخواست دینے کے اہل نہیں۔

یو ایس ایڈ یا ایچ ای سی کے ملازمین اور ان کے جیون ساتھی، منگیتر، زیر کفالت افراد، بچے اور ماں باپ بھی ایسے پروگراموں میں داخلے کے اہل نہیں، جن کے لئے ان اداروں کی طرف سے سرمایہ فراہم کیا جاتا ہے۔

درخواستوں کی پروسسنگ اور آخری تاریخ

اصل درخواست مع حوالہ جات اور تائیدی دستاویزات کی تصدیق شدہ نقول اور پوری درخواست کی ایک اضافی نقل مندرجہ ذیل پتے پر 18 مئی 2009 کو سہ پہر ساڑھے چار بجے تک پہنچ جانی چاہئے۔

پی او بکس 1128، اسلام آباد 44000 ای میل: fulbrightapps@usefpakistan.org
فون: (051-11-11-87337)051-11-11-USEFP فیکس: 051-2877095

The United States
Educational Foundation
in Pakistan

Visit the 50 States
پچاس ریاستوں کی سیر

New Jersey نیوجرسی
"The Garden State" ''دی گارڈن اسٹیٹ''

"Your guide to attractions, culture and history within the 50 states of the United States in chronological order of admission to the Union"

امریکہ کی پچاس ریاستوں کے پُرکشش قدرتی، ثقافتی اور تاریخی مقامات کی سیر کے لئے رہنمائی

ترتیب وار بلحاظ تاریخ الحاق ریاست ہائے متحدہ امریکہ

ڈیلاویئر واٹر گیپ، نیوجرسی

Admission to Union:	December 18, 1787 (3rd State)	وفاق میں شمولیت: 18 دسمبر 1787 (تیسری ریاست)
Capital:	Trenton	دارالحکومت: ٹرینٹن
Population:	Approximately 8,682,661 (2008 est.)	آبادی: تقریباً 8,682,661 (2008 کے اعداد و شمار کے مطابق)

State Flag ریاست کا پرچم

State Seal ریاست کی مہر

State Bird:
(the Golden finch) ریاست کا پرندہ:
سنہری چڑیا

State Flower:
(the common
meadow violet) ریاست کا پھول:
کامن میڈو وائلٹ

Background

Inhabited by Native Americans for more than 2,800 years, the first European settlements in the area were established by the Swedes and Dutch in the early 1600s. The English later seized control of the region, naming it the Province of New Jersey, which was granted to Sir George Carteret and John Berkeley, 1st Baron Berkeley of Stratton as a colony. At this time, the name was taken from the largest of the English Channel Islands, Jersey.

Atlantic City, New Jersey

اٹلانٹک سٹی، نیو جرسی

New Jersey is bordered on the north by New York, on the east by the Hudson River and the Atlantic Ocean, on the southwest by Delaware, and on the west by Pennsylvania. New Jersey lies largely within the sprawling metropolitan areas of New York and Philadelphia. The State of New Jersey ranks 47th in state size (per square mile) and 11th most populous state in the United States. The state is the most densely populated state in the Union.

پس منظر

یہ علاقہ 2,800 سال سے زیادہ عرصے تک قدیم مقامی لوگوں کا مسکن تھا۔ یہاں اولین یورپی آبادیاں سویڈن اور ہالینڈ کے باشندوں نے سولھویں صدی کے اوائل میں قائم کیں۔ بعد میں انگریزوں نے علاقے پر قبضہ کرلیا اور اسے صوبہ نیو جرسی کا نام دیا۔ یہ علاقہ اسٹریٹن کے پہلے بیرن کلے، جان برکلے اور سرجارج کارٹیریٹ کو کالونی کے طور پر عطا کیا گیا اور اس کا نام رودبار انگلستان کے سب سے بڑے جزیرے جرسی کے نام پر نیو جرسی رکھا گیا۔

نیو جرسی کی سرحدیں شمال میں نیو یارک، مشرق میں دریائے ہڈسن اور بحر اوقیانوس، جنوب مغرب میں ڈی لاویئر اور مغرب میں پنسلوینیا سے ملتی ہیں۔ نیو جرسی زیادہ تر نیو یارک کے وسیع وعریض میٹروپولیٹن علاقوں اور فلاڈلفیا کے درمیان واقع ہے۔ ریاست نیو جرسی امریکہ میں رقبے کے لحاظ سے 47 ویں اور آبادی کے لحاظ سے 11 ویں نمبر پر آتی ہے۔ یہ ریاست امریکہ کی سب سے گنجان آباد ریاست ہے۔

قابل دید مقامات

درختوں میں گھرے 18 ویں صدی کے قصبے اور تاریخی واقعات سے پُر میدانؑ جہاں انقلابی جنگیں لڑی گئیں، اس ریاست کو باوقار حسن اور جمہوری روایات والی ریاست بناتے ہیں۔ ریاست کے شمال مغربی علاقے میں قدرتی حسن سے مالا مال جنگلات، 800 سے زیادہ جھیلیں اور تالاب، 100 دریا اور 1,400 میل طویل ندیاں ہیں، جن میں ٹراوٹ مچھلی بکثرت پائی جاتی ہے۔ نیو جرسی ٹرن پائیک کے مغرب میں دلدلی علاقوں کو آباد کرکے تجارتی اور صنعتی مراکز میں تبدیل کردیا گیا ہے۔ میڈولینڈز، کروڑوں ڈالر کا اسپورٹس کمپلیکس ہے، جہاں گھڑ دوڑ، نیو یارک جائنٹس اور نیو یارک جیٹس، این ایف ایل فٹ

New Jersey

Attractions

Tree-shaded 18th-century towns and history-hallowed grounds, on which Revolutionary battles were fought, make this state one of dignified beauty and democratic tradition. More than 800 lakes and ponds, 100 rivers and streams, and 1,400 miles of freshly stocked trout streams are scattered throughout its wooded, scenic northwest corner. The swampy meadows west of the New Jersey Turnpike have been reclaimed and transformed into commercial and industrial areas. The Meadowlands, a multimillion-dollar sports complex, offers horse racing, the New York Giants and the New York Jets NFL football teams, the New Jersey Devils NHL hockey team, and the New Jersey Nets NBA basketball team. The coastline, stretching 127 miles from Sandy Hook to Cape May, offers excellent swimming and ocean fishing.

New Jersey often is associated only with its factories, oil refineries, research laboratories, and industrial towns. But history buffs, hunters, anglers, scenery lovers, and amateur beachcombers need only to wander a short distance from its industrial areas to find whatever they like best.



Cape May, New Jersey
کیپ مے، نیو جرسی

Cape May

Cape May, the nation's oldest seashore resort, is located on the southernmost tip of the state surrounded by the Atlantic Ocean and Delaware Bay. Popular with Philadelphia and New York society since 1766, Cape May has been host to Presidents Lincoln, Grant, Pierce, Buchanan, and Harrison, as well as notables such as John Wanamaker and Horace Greeley. The entire town has been proclaimed a National Historic Landmark because it has more than 600 Victorian homes and buildings, many of which have been restored. Four miles of beaches and a 1 1/4-mile paved promenade offer vacationers varied entertainment. "Cape May diamonds," often found on the shores of Delaware Bay by visitors, are actually pure quartz, rounded by the waves.

بال ٹیمیں، نیو جرسی ڈیولز این ایچ ایل ہاکی ٹیم اور نیو جرسی نیٹس، این بی اے باسکٹ بال ٹیم جیسی نامی گرامی ٹیمیں کھیلوں کے مقابلوں میں حصہ لیتی ہیں۔ساحلی علاقہ، جو سینڈی ہُک سے کیپ مے تک 127 میل طویل ہے، تیراکی اور سمندری ماہی گیری کے بہترین مواقع فراہم کرتا ہے۔

نیو جرسی کا ذکر اکثر اس کی فیکٹریوں، تیل صاف کرنے کے کارخانوں، تجربہ گاہوں اور صنعتی قصبوں کے حوالے سے کیا جاتا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ ریاست قدرتی مناظر سے بھی مالا مال ہے اور تاریخ سے دلچسپی رکھنے والوں، مچھلی اور دوسرے جانوروں کے شکار اور مناظر فطرت اور ساحل سمندر کے نظارے کا شوق رکھنے والوں کو بھی شاندر مواقع فراہم کرتی ہے۔آپ ریاست کے صنعتی علاقے سے تھوڑا باہر نکلیں تو قدم قدم پر مناظر فطرت بکھرے پڑے نظر آئیں گے۔

کیپ مے

کیپ مے ملک کا قدیم ترین تفریحی ساحلی مقام ہے، جو ریاست نیو جرسی کے انتہائی جنوب میں بحر اوقیانوس اور خلیج ڈیلاوئیر کے درمیان واقع ہے۔ مے کیپ 1766 سے فلاڈلفیا اور نیو یارک کے لوگوں کا پسندیدہ مقام چلا آرہا ہے۔ یہ امریکی صدور لنکن، گرانٹ، پیئرس، بکینن اور ہیریسن کے علاوہ ممتاز شخصیات مثلاً جان وینا میکر اور ہوریس گیلی جیسے لوگوں کی بھی میزبانی کر چکا ہے۔ پورا شہر قومی تاریخی علاقہ قرار دیا جا چکا ہے، کیونکہ یہاں 600 سے زیادہ وکٹوریہ عہد کے مکانات اور دوسری عمارتیں ہیں، جن میں سے کئی ایک کو مرمت کے بعد بحال کیا گیا ہے۔ساحل کا چار میل کا علاقہ اور 1/4 - 1 میل پختہ سیر گاہ کا علاقہ تعطیلات گزارنے والوں کو طرح طرح کی تفریح مہیا کرتا ہے۔ یہاں سیاحوں کو اکثر خلیج ڈیلاویئر کے کنارے "کیپ مے موتی" بھی مل جاتے ہیں، جو دراصل کوارٹس یا بلور پتھر ہوتے ہیں، جو سمندری لہروں میں گھس کر گول شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

پرنسٹن

1776 میں ریاست نیو جرسی کی پہلی قانون ساز اسمبلی کا اجلاس پرنسٹن یونیورسٹی کے نساؤ ہال میں ہوا تھا۔واشنگٹن اور اس کے فوجیوں نے 1777 میں اپنے سے برتر برطانوی فوجوں کو پرنسٹن ہی میں اچانک حملہ کر کے شکست دی تھی۔1783 میں جون سے نومبر تک پرنسٹن ملک کا دارالحکومت بھی رہا۔تقریباً اسی زمانے میں واشنگٹن قریبی علاقے راکی ہل میں راکنگھم

Princeton

In 1776, the first State Legislature of New Jersey met in Princeton University's Nassau Hall. Washington and his troops surprised and defeated a superior British Army in the 1777 Battle of Princeton. From June to November 1783, Princeton was the new nation's capital. Around the same time, Washington was staying at Rockingham in nearby Rocky Hill, where he wrote and delivered his famous "Farewell Orders to the Armies."

Princeton's life is greatly influenced by the university, which opened here in 1756; at that time it was known as the College of New Jersey. In 1896, on the 150th anniversary of its charter, the institution became Princeton University. Woodrow Wilson, the first president of the university who was not a clergyman, held the office from 1902-1910. Princeton is also the home of the Institute for Advanced Study, where Albert Einstein spent the last years of his life.

Atlantic City

Honeymooners, conventioneers, Miss America, and some 37 million annual visitors have made Atlantic City the best-known New Jersey beach resort. Built on Absecon Island, the curve of the coast shields it from battering northeastern storms while the nearby Gulf Stream warms its waters, helping to make it a year-round resort. A 60-foot-wide boardwalk extends along 5 miles of beaches. Hand-pushed wicker rolling chairs take visitors up and down the Boardwalk. Absecon Lighthouse ("Old Ab"), a well-known landmark, was first lit in 1857 and now stands in an uptown city park.

Delaware Water Gap:

The Delaware Water Gap encompasses nearly 70,000 acres of breathtaking scenery along 40 miles of the Delaware River. It is primarily used for recreational purposes, such as rafting, canoeing, swimming, fishing, hiking and rock climbing. With a fishing license, one can fish in the Delaware for carp, shad and other fish. In the summer the area host the COTA Arts Festival along with an annual jazz festival.

میں مقیم تھا، جہاں اس نے اپنی مشہور تقریر "Farewell Orders to the Armies" کی تھی۔ پرنسٹن شہر کی زندگی پر پرنسٹن یونیورسٹی کے اثرات بہت نمایاں ہیں، جو 1756 میں قائم ہوئی تھی۔ اس وقت اسے نیو جرسی کالج کہا جاتا تھا۔ 1896 میں کالج کے منشور کی 150 ویں سالگرہ کے موقع پر اسے یونیورسٹی قرار دیا گیا تھا۔ یونیورسٹی کے پہلے غیر پادری صدر وڈرو ولسن تھے، جو 1902 سے 1910 تک اس عہدے پر فائز رہے۔ پرنسٹن میں ایڈوانسڈ اسٹڈی انسٹی ٹیوٹ بھی قائم ہے، جہاں البرٹ آئن سٹائن نے اپنی زندگی کے آخری سال گزارے تھے۔

اٹلانٹک سٹی

ہنی مون منانے والوں، اجلاسوں میں شرکت کرنے والوں، مس امریکہ اور سالانہ تقریباً 37 ملین مسافروں اور سیاحوں کی آمد کی وجہ سے اٹلانٹک سٹی نیو جرسی کا سب سے مشہور ساحلی تفریحی مقام بن گیا ہے۔ یہ شہر جزیرہ ابسیکن پر آباد ہے اور ساحل کا موڑ اسے شمال مشرقی سمت سے آنے والے طوفانوں سے محفوظ رکھتا ہے، جبکہ قریبی گلف سٹریم اس کے پانیوں کو گرم رکھتی ہے اور اس طرح یہ شہر پورا سال تفریحی مقام کے طور پر کھلا رہتا ہے۔ مٹرگشت کے لئے ایک 60 فٹ چوڑی پٹی بورڈواک ساحل کے ساتھ 5 میل تک جاتی ہے۔ ہاتھ سے چلائی جانے والی بید کی گھومنے والی کرسیاں سیاحوں کو بورڈواک پر اِدھر سے اُدھر لے جاتی ہیں۔ ابسیکن لائٹ ہاؤس جسے اولڈ ایب بھی کہتے ہیں اور جو ایک مشہور سنگ میل ہے، پہلی مرتبہ 1857 میں روشن کیا گیا تھا۔ یہ شہر کے بالائی حصے میں ایک پارک میں واقع ہے۔

ڈی لاوئیر واٹر گیپ

ڈی لاویئر واٹر گیپ 70,000 ایکڑ رقبے پر پھیلا ہوا خوبصورت علاقہ ہے، جو دریائے ڈی لاویئر کے ساتھ 40 میل تک جاتا ہے۔ اسے بنیادی طور پر تفریحی مقاصد مثلاً کشتی رانی، تیراکی، ماہی گیری، ہائیکنگ اور کوہ پیمائی وغیرہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ آپ لائسنس لے کر دریائے ڈی لاویئر میں کارپ، شیڈ اور دوسری مچھلیوں کا شکار کر سکتے ہیں۔ گرمیوں میں اس علاقے میں COTA آرٹس فیسٹیول منعقد ہوتا ہے، جس کے ساتھ سالانہ جاز فیسٹیول بھی منعقد ہوتا ہے۔

Princeton University, Princeton, New Jersey

پرنسٹن یونیورسٹی، پرنسٹن، نیو جرسی

one Success at a time

Helping the People of Pakistan one community at a time

Renewable Energy:
Changing the Lives of Pakistani Villagers

PV Panels at Toda Cheena

ٹوڈا چینا کے مقام پر پی وی پینلز

قابل تجدید توانائی پاکستانی دیہاتیوں کی زندگیوں کو تبدیل کرنے والی

کامیابی کی داستان

ایک معاشرے کی صورت میں پاکستانی عوام کی ایک ہی وقت میں مدد کرنا

Installation Underway at Hasan Lagadai حسن لگاڈی کے مقام پر کام جاری ہے۔

By: James-Michael Saxton-Ruiz

The U.S.-Pakistan Joint Agreement on Science and Technology Cooperation provides funding for collaborative projects between U.S. and Pakistani scientists. The agreement creates linkages between the U.S. and Pakistani public and private science and technology institutes and builds capacity within the Pakistani scientific community.

The Agreement has thus far supported 49 projects at a combined U.S./Pakistan cost of $17.9 million. As partners, U.S. and Pakistani scientist have changed the lifestyles of villagers in Pakistan through renewable energy. This particular project was funded by the Higher Education Commission (HEC) and Ministry of Science & Technology (MoST) of Pakistan and Unites States Agency for International Development (USAID). The principal partners involved in this project were Solar Energy International (SEI), a non-profit organization from Colorado, and the National University of Sciences and Technology (NUST) from Islamabad, Pakistan.

In Pakistan, tribal rural lands are generally remote and inaccessible to any electrical grid system. In these grid-distant villages most activity is daylight dependent. Subsequently, studying and reading time is limited, as are opportunities for developing small-scale business or cottage industries. Lack of adequate access to basic resources like electricity can greatly affect the quality of education, health care, agriculture and industry in the rural areas of developing countries. Renewable energy applications such as solar electricity, solar cooking, solar water pumping and solar water heating can play a crucial role in solving these problems.

This project consisted of two phases: training and installation. Phase I involved SEI training government, NGO, university and private sector officials on Photovoltaic Systems and Solar Pumping Systems. The training prepared the design and installation team for the actual implementation of the project and also created awareness among other participants about solar power systems. Phase II consisted of the actual installation of a number of solar pumping systems. A total of six villages were targeted for the following installation projects: Hasan Lagadai, Ali Masjid, Toda Cheena, Khurchai, Shabana, and Mirdu Tang.

The renewable energy project resulted in a significant improvement in access to water. Typically, women used to travel long distances to obtain water. Now the water has been made available in a central location of the village. Based on final reports from the project, the villagers have expressed complete satisfaction, happiness and overwhelming gratitude for the water pumps.

تحریر: جیمس مائیکل سیکسٹن روئز

سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبہ میں تعاون کے لئے امریکہ اور پاکستان کا سمجھوتہ دونوں ملکوں کے سائنسدانوں کے مشترکہ منصوبوں کے لئے فنڈز فراہم کرتا ہے۔ یہ سمجھوتہ دونوں ملکوں کے سائنس اور ٹیکنالوجی کے سرکاری اور نجی اداروں کے درمیان رابطوں اور پاکستانی سائنسدانوں کی صلاحیت بڑھانے میں مددگار ثابت ہورہا ہے۔

اس سمجھوتے کے ذریعے اب تک 49 منصوبوں کے لئے مدد مل چکی ہے، جن پر 17.9 ملین ڈالر لاگت آئی ہے۔ امریکہ اور پاکستان کے سائنسدانوں نے مل کر کام کرتے ہوئے قابل تجدید توانائی کے ایک منصوبے کے ذریعے پاکستان کے دیہات کے لوگوں کی طرز زندگی تبدیل کردی ہے۔ اس منصوبے کے لئے اخراجات پاکستان کے اعلیٰ تعلیمی کمیشن اور سائنس اور ٹیکنالوجی کی وزارت اور امریکہ کے بین الاقوامی ترقی کے ادارے یوایس ایڈ نے فراہم کئے۔ اس منصوبے میں جن دوسرے اداروں نے حصہ لیا، ان میں کولوریڈو کی ایک غیر تجارتی تنظیم سولر ایز جی انٹرنیشنل (ایس ای آئی) اور اسلام آباد، پاکستان کی نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی شامل ہے۔

پاکستان کے قبائلی علاقے اکثر دشوار گزار ہیں اور گرڈ سسٹم سے کافی دور واقع ہوئے ہیں۔ یہاں دیہات کے لوگ زیادہ تر دن کی روشنی میں کام کرتے ہیں۔ نتیجتاً تعلیم اور مطالعے کا وقت محدود ہوتا ہے۔ اسی طرح چھوٹے پیمانے کا کاروبار اور گھریلو صنعتوں کے لئے بھی کام کرنے کا محدود وقت ہوتا ہے کیونکہ سورج غروب ہونے کے بعد روشنی کا انتظام نہیں ہوتا۔ بجلی جیسی بنیادی ضرورت دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے ترقی پذیر ملکوں کے دیہی علاقوں میں تعلیم، صحت، زراعت اور صنعت کا معیار کافی حد تک متاثر ہوتا ہے۔ قابل تجدید توانائی مثلاً شمسی توانائی سے کافی سہولت ہوتی ہے۔ اس سے شمسی چولھے جلائے جاسکتے ہیں، پانی گرم کیا جاسکتا ہے اور پانی ایک جگہ سے دوسرے جگہ پہنچایا بھی جاسکتا ہے۔

پاکستان کے قبائلی علاقوں میں شروع کیا جانے والا منصوبہ دو مرحلوں پر مشتمل تھا۔ نمبر ایک تربیت اور نمبر دو آلات کی تنصیب۔ پہلے مرحلے میں ایس ای آئی کی طرف سے سرکاری، غیر سرکاری، یونیورسٹی اور نجی شعبے کے حکام کو فوٹو وولٹک سسٹم اور سولر پمپنگ سسٹم کی تربیت دی گئی۔ اس تربیت سے ایسی ٹیم تیار ہوگئی، جو منصوبے پر عملدر آمد کے لئے اس کے ڈیزائن اور تنصیب کا کام کرسکتی تھی۔ اس کے ساتھ ساتھ اس تربیت کے ذریعے بعض دوسرے شراکت داروں کو شمسی بجلی گھروں کے بارے میں بھی معلومات فراہم کی گئیں۔ مرحلہ نمبر دو کا مقصد سولر پمپنگ سسٹم کا قیام تھا۔ اس مقصد کے لئے چھ دیہات کا انتخاب کیا گیا: حسن لگاڈائی، علی مسجد، ٹوڈا چینا، خرچائی، شبانہ اور مردو ٹنگ۔

اس منصوبے سے دیہات میں پانی پہنچانے کا انتظام کیا گیا ہے، جس سے تمام لوگوں خصوصاً خواتین کو بہت سہولت حاصل ہوگئی ہے، جنھیں پانی لانے کے لئے کافی دور جانا پڑتا تھا۔ اب یہ پانی گاؤں میں ایک مرکزی مقام تک پہنچایا جاتا ہے۔ منصوبے کے بارے میں جو اطلاعات ملی ہیں، ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ دیہات کے لوگ اس سے بہت خوش ہیں اور انھوں نے اس پر مکمل اطمینان اور تشکر کا اظہار کیا ہے۔

Source Pond at Mirdu Tang

مردوٹنڈ میں پانی کا ذخیرہ

Ask the Consul

قونصل سے پوچھئے

"Your chance to ask the Consul General at the US Embassy, Islamabad your visa related questions"

آپ امریکی سفارتخانہ اسلام آباد کے قونصل جنرل سے ویزا سے متعلق سوالات پوچھ سکتے ہیں

Is a denial under Section 214(B) of U.S. Immigration law permanent?

No. The consular officer will reconsider a case if an applicant reapplies and shows further convincing evidence of ties outside the United States. Paying another $131 application fee and getting a new appointment is required to reapply. Unfortunately, some applicants will not qualify for a nonimmigrant visa, regardless of how many times they reapply, until their personal, professional, and financial circumstances change considerably.

How long can I stay in the US with my visa?

A US visa is simply a document that allows you to travel to a US port of entry to apply for entry to the country. Unlike the visas for some other countries, the validity of a US visa does not indicate how long you can stay in the United States. For example, a multiple entry, 60 month visa means that you can apply for entry on multiple different occasions during the next 5 years. It does not mean that you can stay in the US for 5 years. At the port of entry a Department of Homeland Security (DHS) official will determine how long you are allowed to stay in the US. The DHS official will consult with you about the purpose and length of your stay, and will try to grant you as much time as you need for your trip, subject to certain restrictions. See www.dhs.gov for more details.

I have a nonimmigrant visa that will expire soon and I would like to renew it. Do I need go through the whole visa application process again?

Yes, you will have to go through the whole visa application process each time you want to apply for a visa, even if your visa is still valid. In some cases the processing time for acquiring a visa can take three months or more, so it is best to apply before your visa expires.

کیا امریکہ کے امیگریشن قانون کی دفعہ (B)214 کے تحت ویزا سے انکار مستقل ہوتا ہے؟

نہیں، درخواست گزار کی طرف سے درخواست دوبارہ جمع کرانے اور امریکہ سے باہر اپنے تعلق کے بارے میں مزید ٹھوس شواہد پیش کرنے پر قونصلر آفیسر ویزا کیس پر دوبارہ غور کرے گا۔ دوبارہ درخواست دینے کیلئے 131 ڈالر فیس کی ادائیگی اور انٹرویو کیلئے نئی تاریخ حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے بعض درخواست گزار، اس بات سے قطع نظر کہ وہ کتنی بار درخواست دیتے ہیں، ویزا حاصل کرنے کے معیار پر اس وقت تک پورے نہیں اترتے جب تک ان کے ذاتی، پیشہ ورانہ اور مالی حالات میں خاطر خواہ تبدیلی نہیں آتی۔

ویزا حاصل کرنے کے بعد میں کتنا عرصہ امریکہ میں قیام کر سکتا ہوں؟

امریکی ویزا محض ایک دستاویز ہے جس کے تحت آپ کو امریکہ کی داخلی پورٹ تک سفر کرنے کی اجازت ہوتی ہے تاکہ وہاں آپ ملک میں داخل ہونے کی درخواست کر سکیں۔ دیگر ملکوں کے ویزوں کے برعکس، امریکی ویزا کے موثر ہونے سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ آپ کب تک ملک میں قیام کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر 60 ماہ کے ملٹی پل ویزا سے مراد یہ ہے کہ آپ اگلے پانچ سال کے دوران مختلف مواقع پر امریکہ میں داخل ہونے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ داخلی پورٹ پر داخلہ سلامتی کے محکمے کا ایک اہلکار اس بات کا تعین کرے گا آپ کو امریکہ میں کتنا عرصہ قیام کی اجازت ہوگی۔ یہ اہلکار امریکہ میں آپ کے قیام کے مقصد اور دورانئے کے بارے میں سوالات پوچھے گا اور بعض پابندیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ کی ضرورت کے مطابق آپ کو زیادہ سے زیادہ عرصے تک قیام کی اجازت دیدے گا۔ تفصیلات کیلئے ویب سائٹ www.dhs.gov دیکھئے۔

میرے پاس نان امیگرنٹ ویزا ہے جس کی معیاد ختم ہونے والی ہے اور میں اس کی تجدید کرانا چاہتا ہوں۔ کیا مجھے ویزا درخواست کے عمل سے پھر گزرنا ہوگا؟

ہاں، آپ جتنی بار ویزا کیلئے درخواست دیں گے آپ کو ہر بار درخواست کے پورے عمل سے گزرنا ہوگا خواہ آپ کے ویزا کی معیاد کیوں نہ رہتی ہو۔ بعض صورتوں میں اس عمل میں تین ماہ یا اس سے زیادہ عرصہ لگ سکتا ہے۔ لہذا بہتر یہ ہے کہ ویزا کی معیاد ختم ہونے سے پہلے درخواست دی جائے۔

Videography

وڈیوگرافی



سبز تحریک

سبز تحریک نے خودکو کاروباری سطح پر مستحکم کرنا شروع کر دیا ہے۔ ورجن اور این بی سی یونیورسل طرز کے بڑے کاروباری ادارے اپنی ماحول دوست سرگرمیوں کو مزید فروغ دے رہے ہیں۔

Green Business

http://www.america.gov/multimedia/video.html?videoId=1498976412

The "green" movement is starting to take hold at the corporate level as large businesses such as Virgin and NBC Universal seek to promote their environmentally-friendly efforts.

Young Environmentalists

http://www.america.gov/multimedia/video.html?videoId=2646924001

Young Americans and students from around the world work together to make positive change and ensure a healthy planet in the future. The speakers are students and faculty at the College of the Atlantic in Bar Harbor, Maine.

نوجوان ماحولیاتی کارکن

امریکی نوجوان اور دنیا بھر سے طلبہ مل کر کام کر رہے ہیں تا کہ ایک مثبت تبدیلی لائی جا سکے اور مستقبل کے لئے ایک صحتمند سیارہ کو یقینی بنائیں۔ اس وڈیو کے مقررین کالج آف دی ایٹلانٹک، بار ہاربر، مین، کے طلبہ اور اساتذہ ہیں۔

Published by the U.S. Embassy, Islamabad شائع کردہ سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ، اسلام آباد